والے اداروں کی مؤثر کارروائیاں قابل تحسین ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن دشمن عناصر کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردوں کے سہولت کاروں کے خلاف بھی سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور صوبے میں دیرپا امن کے قیام کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل جاری ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیاں قوم کبھی فراموش نہیں کرے گی اور ان کی خدمات کو سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ترقی، امن اور استحکام کے سفر کو کوئی بھی قوت روک نہیں سکتی۔

## وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا سول اسپتال کوئٹہ کا ہنگامی دورہ

دورے کے موقع پر انہوں نے نوشکی آتشزدگی حادثے کے زخمیوں کی عیادت کی

کوئٹہ (آئی این پی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز سول اسپتال کوئٹہ کا ہنگامی دورہ کیا اور نوشکی آتشزدگی حادثے کے زخمیوں کی عیادت کی۔ انہوں بقیہ 28 صفحہ 6 پر

نے متاثرین کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے اور شدید زخمیوں کو ڈاکٹرز کی سفارش پر کراچی منتقل کرنے کی ہدایت دی۔ وزیر اعلیٰ نے حادثے کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے زخمیوں سے ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کے مکمل علاج کی یقین دہانی کروائی۔ ان کا کہنا تھا کہ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ہیلی کاپٹر اور ایمبولینسز روانہ کی گئیں اور 70 سے زائد زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ محکمہ صحت کو جدید سہولیات سے آراستہ کیا جا رہا ہے۔

علاقائی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 30 APR 2025  Page No. 15



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی ملاقات کررہے ہیں

# Balochistan Tir

92 MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantim

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1084 QUETTA Wednesday April 30, 2025 /Dhu'l-Qi'da


# Balochistan cabinet condemns Indian aggression, expresses sorrow on Nushki tragedy



**Staff Report**

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti chaired cabinet meeting and strongly condemned the baseless allegations leveled against Pakistan after the Pahalgam incident and expressed regret that despite Pakistan's offer of a transparent investigation, India instigated the provocation which is a serious threat to regional peace.

An important meeting of the provincial cabinet was held on Tuesday at the Chief Minister Secretariat, Quetta.

Chief Minister Mir Sarfraz Bugti made it clear on this occasion that the people of Pakistan stand by their armed forces and if the enemy tries to impose war, the entire nation would stand in solidarity to defend the motherland.

He said that the people of Balochistan have always been at the forefront of patriotism and stand firmly with their army and state institutions. Expressing deep sorrow and grief over the Nushki tragedy, heartfelt sympathy was [illegible] affected families.

The Chief Minister informed the cabinet that rescue and relief operations were started immediately after the accident, in which the injured were immediately shifted to Quetta civil hospital by helicopters and ambulances.

The seriously injured were sent to Karachi by a special plane this morning.

The Chief Minister appreciated the timely and exemplary performance of the health department staff, doctors, paramedical staff, the Health Minister and the Health Secretary and said that the health department showed remarkable performance in this incident.

The cabinet expressed serious concern over the trend of smuggling in the province in the backdrop of this tragedy and said that smuggling of illegal petrol, diesel and other goods is a serious problem, immediate and effective measures have become indispensable to prevent it.

The meeting also ordered a comprehensive investigation into the incident so that action could be taken against the responsible elements as per the law.

A number of important legal and Administrative matters were also approved, including the approval of the "The Balochistan Establishment of Special Court Overseas Pakistanis Property Act 2025" to protect the properties of overseas Pakistanis and resolve disputes.

In addition, the establishment of the "Center of Excellence on the Countering Violent Extremism" was also approved to prevent terrorism and serious crimes, comprehensively investigate and effectively deal with the issue of missing persons. The cabinet approved the "Balochistan Civil Servants and Employees Benefit and Death Amendment Policy 2020" so that possible relief could be provided to government employees and their families.

Similarly, the cabinet accepted the "Balochistan Anti-Terrorism Amendment Bill 2025" to make the anti-terrorism laws more effective. The meeting approved the "National Food Safety, Animal and Plant Health Regulatory Authority" and related matters, while ratifying the "Balochistan Labor Rules". Comprehensive regulations have been formulated to eliminate forced labor and protect home-based workers.

The cabinet permitted the "Persons with Disabilities Rules 2024" and paved the way for special measures for the disabled.

In the same vein, amendments were also approved in the "Excise and Taxation Department Motor Vehicles Rules 1969" so that the law would be improved according to the requirements of the present era.The meeting approved a four-tier service structure for "Pharmacists and Drug Inspectors" for improvement in the health sector which will prove to be an important step towards professional development. Similarly, the "Balochistan Local Councils Street Rules 2025" and the development projects announced by the Chief Minister were also formally approved. The cabinet also decided to advertise vacant posts from Grade 1 to 15 in government departments and make recruitment transparent and on merit so that employment opportunities could be increased in the province.

CamScanner

حکومتی سرگرمیاں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

Dated: 30 APR 2025 Page No. 17

# Bugti hails forces for successful Turbat operation

**Staff Report**

**QUETTA**: Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti expressed satisfaction over the successful intelligence-based operation conducted by security forces in Turbat, District Kech.

In a statement issued here, the Chief Minister commended the effective operations of law enforcement agencies against terrorism. He asserted that elements hostile to peace would not be allowed to succeed in Balochistan under any circumstances. "The protection of the lives and property of the people is the first responsibility of the state, and all possible steps are being taken for this purpose," he stated.

The Chief Minister added that strict action would also be taken against the facilitators of terrorists, ensuring the establishment of lasting peace in the province. He reiterated that a zero-tolerance policy is being implemented against elements hostile to the state. Mir Sarfaraz Bugti emphasized that the nation will never forget the sacrifices of the security forces and pays tribute to their services. He concluded that no force can impede the progress of development, peace, and stability in Balochistan.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullot No. 1

Page No. 18

Dated: 30 APR 2025

# عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزراء اور اراکین اسمبلی

نوشکی میں آتشزدگی باعث تشویش، تدارک کیلئے دستیاب وسائل بروئے کار لائیں گے، سلیم کھوسہ نور محمد دمڑ

**شدید زخمیوں کو خصوصی طیارے سے کراچی منتقل کرنا بروقت تسلی بخش ہے، صادق عمرانی، میر عاصم کردگیلو**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء و اراکین اسمبلی نے سانحہ نوشکی پر گہری تشویش کا اظہار اور زخمی افراد کی جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت متاثرہ افراد کے ساتھ کھڑی ہے اور تمام ممکنہ امداد فراہم کی جا رہی ہے ڈاکٹروں، نرسنگ اسٹاف اور پیرامیڈیکل عملے نے ایمرجنسی حالات میں مثالی خدمات انجام دیں، یہ بات صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ، نور محمد دمڑ، میر صادق عمرانی، میر عاصم کردگیلو اراکین اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل، میر عبید گورگیج، سردار مسعود لونی و دیگر نے الگ الگ بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے فوری طور پر زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد، ہسپتالوں میں ایمرجنسی اقدامات، اور شدید زخمیوں کو خصوصی طیارے کے ذریعے کراچی منتقل کرنے جیسے بروقت اقدامات کو تسلی بخش قرار دیا انہوں نے اس امر پر زور دیا ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے موثر اور مربوط اقدامات ناگزیر ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو اولین ترجیح دیتی ہے اور ایسے واقعات کے تدارک کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت دی کہ ذخیرہ اندوزی، غیر قانونی اسمگلنگ، اور خطرناک مواد کی غیر محفوظ منتقلی کے خلاف کڑی نگرانی اور سخت کارروائی کو یقینی بنایا جائے۔

# احتیاط اختیار نہ کرنے سے نوشکی سانحہ رونما ہوا، عبدالرحمن کھیتران

**سانحہ پر گہری تشویش ہے، زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کریں گے، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (خ ن) سینئر صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے سانحہ نوشکی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ غیر قانونی ایندھن ......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

کی ذخیرہ اندوزی اور ممکنہ اسمگلنگ کے نتیجے میں پیش آنے والا یہ افسوسناک واقعہ عوامی تحفظ سے متعلق سنگین سوالات اٹھاتا ہے۔ صوبائی وزیر نے زخمی افراد کی جلد صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت متاثرہ افراد کے ساتھ کھڑی ہے اور تمام ممکنہ امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے فوری طور پر زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد، ہسپتالوں میں ایمرجنسی اقدامات، اور شدید زخمیوں کو خصوصی طیارے کے ذریعے کراچی منتقل کرنے جیسے بروقت اقدامات کو تسلی بخش قرار دیا۔

# میر لیاقت لہڑی کی میر جہانزیب مینگل سے ملاقات

**سیاسی قوتوں کو صوبے کی ترقی میں کردار ادا کرنا چاہئے پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ**

**مثبت سیاسی مکالمہ ہی مسائل کا پائیدار حل فراہم کرسکتا ہے، میر جہانزیب مینگل**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ بلوچستان میر لیاقت علی لہڑی نے گزشتہ روز بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) کے رکن صوبائی اسمبلی میر جہانزیب مینگل سے ملاقات کی اس موقع پر میر سیف اللہ رند بھی موجود تھے ملاقات کے دوران صوبے کی موجودہ سیاسی صورتحال، باہمی دلچسپی کے امور اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے بلوچستان ......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

میں جمہوری عمل کے استحکام، صوبائی خودمختاری اور عوامی مسائل کے حل کیلئے مشترکہ حکمت عملی اپنانے پر زور دیا اس موقع پر میر لیاقت علی لہڑی نے کہا کہ تمام سیاسی قوتوں کو باہمی مشاورت اور تعاون سے صوبے کی ترقی کیلئے کردار ادا کرنا چاہئے میر جہانزیب مینگل نے بھی عوامی نمائندوں کے درمیان روابط کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ مثبت سیاسی مکالمہ ہی مسائل کا پائیدار حل فراہم کرسکتا ہے۔

# نوشکی کا واقعہ دلخراش، محکمے نے بروقت مریضوں کو طبی امداد فراہم کی، صوبائی وزیر صحت

**صحت کی سہولیات شہروں کیساتھ دیہاتوں تک پہنچانے کیلئے کوششیں بروئے کار لائیں گے بخت کاکڑ**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ نوشکی کا واقعہ انتہائی دلخراش واقعہ ہے جس پر قابو پانے کیلئے محکمہ صحت نے بھرپور کارروائی کر کے زخمیوں کو بروقت علاج و معالجہ فراہم صحت کی سہولیات شہروں کے ساتھ دیہاتوں تک پہنچانے کیلئے تمام تر کوششوں کو بروئے کار لائیں گے تاکہ موجودہ حالات کے مطابق عوام اپنے ہی گھر میں علاج و معالجہ کرا سکیں ضلع شیرانی کے مختلف علاقوں میں صحت کے یونٹ کھولنے ......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

سے یہاں کے عوام استفادہ حاصل کرسکیں گے ڈاکٹرز شہروں سے نکل کر دیہاتوں میں بھی ایمانداری اور مسیحا بن کر عوام کی خدمت کریں انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہے صحت سے متعلق عوام کے جو خدشات اور تحفظات دور کیے جائیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 30 APR 2025 Page No. 19

## پاکستان نے دشمن کے پروپیگنڈے کا ہمیشہ بصیرت سے مقابلہ کیا ہے، مینا مجید

### بلوچستان بھارتی ریاستی دہشت گردی کا سب سے زیادہ نشانہ بنتا جا رہا ہے، صوبائی مشیر برائے کھیل

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی جانب سے بھارت کے بے بنیاد الزامات کے خلاف دیے گئے مدلل دوٹوک موقف کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ افواجِ پاکستان نے ہمیشہ دشمن کے پروپیگنڈے کا جرات و بصیرت سے مقابلہ کیا ہے اور اس بار بھی سچائی اور حقیقت کی ترجمانی کی گئی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے افواجِ پاکستان نے ہمیشہ دشمن کے پروپیگنڈے کا جرات و بصیرت سے مقابلہ کیا ہے بلکہ بھارتی جھوٹے بیانیے کو بے نقاب بھی کیا۔ یہ پریس کانفرنس پوری قوم کی ترجمانی اور پاکستان کی سالمیت کے دفاع کا مظہر ہے۔ محترمہ مینا مجید بلوچ نے کہا کہ بلوچستان بھارتی ریاستی دہشت گردی کا سب سے زیادہ نشانہ بنتا جا رہا ہے، اور اس حقیقت کو جس شفافیت اور جرات سے سامنے لایا گیا، وہ قابل فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم، خصوصاً نوجوان نسل، اپنی مسلح افواج کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انڈس واٹر ٹریٹی جیسے بین الاقوامی معاہدوں کی خلاف ورزی کی بھارتی کوشش کھلی جارحیت ہے، جس کا قومی یکجہتی، عوامی بیداری اور مضبوط ادارہ جاتی ردعمل سے منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔

## بلوچستان میں زراعت کا شعبہ جدید خطوط پر استوار کیا جائیگا، علی حسن

### وہ دن دور نہیں جب بلوچستان دیگر صوبوں کے برابر ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کریگا، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (پ ر) وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے زیر اہتمام چینی زرعی آلات اور اوزار کی تقسیم کی تقریب نیشنل ایگریکلچرل ریسرچ سینٹر اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں صوبائی وزیر زراعت بلوچستان میر علی حسن زہری نے چینی سفیر جیانگ زیادونگ کا خیر مقدم کیا۔ وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ چاروں صوبوں کے وزراء زراعت اور دیگر حکام نے بھی شرکت کی۔ میر علی حسن زہری نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کی تقریب زرعی انقلاب کی جانب ایک سنگ میل کا کردار ادا کرے گی۔ مستقبل میں بھی بلوچستان کی ترقی کے لئے صدر مملکت کی کاوشوں اور ہدایات کی روشنی میں بلوچستان کی زرعی ترقی و خوشحالی کے لئے بھرپور توانائی کے ساتھ اپنی کاوشیں جاری رکھیں گے اور وہ دن دور نہیں جب بلوچستان بھی زراعت کے شعبے میں دوسرے صوبوں کے شانہ بشانہ ملکی ترقی وخوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا۔ علی حسن زہری نے مزید کہا کہ زراعت کا شعبہ معیشت میں سب سے اہم اور ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور ملکی معیشت میں 24 فیصد کا حصہ ہے جبکہ بلوچستان کے حوالے سے زراعت کے شعبے میں حصہ کم ہے لیکن بہتر حکمت عملی اور جدید ٹیکنالوجی اور تحقیق کے ذریعے اس شعبے میں انقلاب لا کر صوبے کی معیشت کو مضبوط کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں زراعت کے شعبے کے فروغ اور بلوچستان کو زرعی شعبے میں آگے لانے کے لئے اہم اور دیرپا منصوبوں پر عمل کیا جائے گا جس کے لئے تیاریاں جاری ہیں۔

## نوشکی حادثے کے زخمیوں کو تمام طبی سہولیات دینگے، شعیب نوشیروانی

### واقعہ نہایت افسوسناک ہے، زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا گو ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے نوشکی حادثے پر رنج و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعہ نہایت افسوسناک ہے حکومت زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے صوبائی وزیر نے زخمیوں سے دلی ہمدردی اور ان کی جلد صحت یابی کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ زخمیوں کی ہر ممکن مدد کرینگے اور آئندہ اس طرح کے ناخوشگوار واقعے کے تدارک کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھائیں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 30 APR 2025 Page No. 26


## 2ہزار نوجوانوں کو روزگار کیلئے بیرون ملک بھیجا جائیگا، شکیل قادر خان

**گورننس کی بہتری سے نوجوانوں کا ریاست پر اعتماد بحال ہو جائے گا، ورکشاپ سے خطاب**

کوئٹہ (ج ن) چیف سیکرٹری شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ حکومت شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کو مزید بہتر بنانے کے لیے گڈ گورننس کے اصولوں پر کارفرما ہے ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے ممکنہ چیلنجوں سے نمٹنا، شفافیت اور جوابدہی کو فروغ دینا، اور شہریوں کی شرکت کو فروغ دینا انتہائی ضروری ہے حکومت صوبے میں گورننس میں مزید بہتری لانے کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے گورننس کو بہتر کر کے ریاست پر نوجوانوں کا اعتماد بحال ہو جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ حکومت آنے والے دس سالوں کے دوران ترقی اور ترقی کے اہداف کا تعین کر رہی ہے اس میں عام طور پر اقتصادی، سماجی اور ماحولیاتی ترقی کے ساتھ ساتھ بنیادی ڈھانچے کی ترقی، تعلیم، صحت، اور دیگر اہم شعبوں پر توجہ شامل ہیں۔ معاشی ترقی کو فروغ دینا، عوام کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنا، آمدنی بڑھانے اور غربت کو کم کرنے کے لیے مربوط اقدامات اٹھائے جائیں گے حکومت نے بہت کم عرصے میں 4000 اساتذہ کی عارضی بنیادوں پر تعیناتی یقینی بنائی جس سے صوبے میں 1400 غیر فعال سکولوں کو فعال کیا جبکہ مزید 8000 اساتذہ کو تعینات کئے جائیں گے جس سے مزید 1800 سکول فعال ہو جائیں گے۔



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان نیشنل ورکشاپ بلوچستان سے خطاب کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء کے سوالوں کے جوابات دے رہے ہیں

## تعلیمی ادارے فعال کر کے مزید 8000 اساتذہ کو تعینات کرینگے چیف سیکرٹری

**ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کئے جارہے ہیں گورننس کو بہتر کر کے ریاست پر نوجوانوں کا اعتماد بحال ہو جائیگا، شکیل قادر خان**

**آمدنی بڑھانے، اور غربت کو کم کرنے کے لیے مربوط اقدامات اٹھائے جائیں گے، نیشنل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب**

کوئٹہ (غ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا کہ صوبائی حکومت اپنی شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کو مزید بہتر بنانے کے لیے گڈ گورننس کے اصولوں پر کارفرما ہے، ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے ممکنہ چیلنجوں سے نمٹنا، شفافیت اور جوابدہی کو فروغ دینا، اور شہریوں کی شرکت کو فروغ دینا انتہائی ضروری ہے۔ صوبائی حکومت صوبے میں گورننس میں مزید بہتری لانے کے لیے ......

بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے گورننس کو بہتر کر کے ریاست پر نوجوانوں کا اعتماد بحال ہو جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت آنے والے دس سالوں کے دوران ترقی اور ترقی کے اہداف کا تعین کر رہی ہے، اس میں عام طور پر اقتصادی، سماجی اور ماحولیاتی ترقی کے ساتھ ساتھ بنیادی ڈھانچے کی ترقی، تعلیم، صحت، اور دیگر اہم شعبوں پر توجہ شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں معاشی ترقی کو فروغ دینا، عوام کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنا، آمدنی بڑھانے، اور غربت کو کم کرنے کے لیے مربوط اقدامات اٹھائے جائیں گے جس سے سماجی ترقی کی بہتری، تعلیم، صحت، اور دیگر سماجی خدمات تک رسائی مزید بہتر ہو سکے گا۔



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان نیشنل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 30 APR 2025 Page No. 21


## صوبائی الیکشن کمشنر کا دورہ حب، زیر تعمیر نئی بلڈنگ کا معائنہ کیا

**الیکشن کمیشن آف پاکستان کا وژن ہے کہ تمام دفاتر الیکشن کمیشن کی اپنی ملکیت ہوں، علی اصغر سیال**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی الیکشن کمشنر علی اصغر سیال نے حب کا دورہ کیا، دورے کے دوران انہوں نے ضلعی الیکشن کمیشن آفس اور پیرکس روڈ پر زیر تعمیر نئی بلڈنگ کا معائنہ کیا۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمیشن آفس کے دورے کے موقع پر ڈسٹرکٹ الیکشن افسر عبدالمقتدر غزانی نے انہیں دفتر کے امور اور انتظامی معاملات پر تفصیلی بریفنگ دی، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر حب نثار احمد لانگو بھی موجود تھے۔ بعد ازاں صوبائی الیکشن کمشنر نے پیرکس روڈ پر نئی بلڈنگ کے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا جہاں متعلقہ افسران نے انہیں بریفنگ دی۔ صوبائی الیکشن کمشنر نے کام کے معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت دی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کا وژن ہے کہ تمام دفاتر الیکشن کمیشن کی اپنی ملکیت میں ہوں، نئی بلڈنگ میں منتقلی کے بعد الیکشن کمیشن اپنی قومی ذمہ داریاں بہتر اور موثر انداز میں نبھا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ نئی عمارت میں جدید ٹیکنالوجی کی سہولتیں دستیاب ہوں گی جس سے دفتری امور مزید تیز اور شفاف انداز میں انجام دیے جاسکیں گے۔

## بڑے سرمایہ کار اور کمپنیاں بلوچستان کا رخ کررہی ہیں، بلال کاکڑ

**وی سی بیوٹمز سے گفتگو، سی ای او عبدالکبیر خان زرکون نے شرکاء کو بریفنگ دی**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور سی ای او عبدالکبیر خان زرکون نے بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ مینجمنٹ سائنسز کے وائس چانسلر ڈاکٹر خالد حفیظ سے ملاقات کی اس موقع پر بی او آئی ٹی اور بیوٹمز کے درمیان مشترکہ تحقیقی منصوبے شروع کرنے، وسائل کے اشتراک اور مخصوص شعبوں میں تعاون کو آگے بڑھانے سے متعلق امور پر غور جبکہ طلباء اور فیکلٹی کے درمیان باہمی تعاون، عملی مسائل کے حل اور جدید اختراعات کو فروغ دینے، طلباء کو صنعتی شعبے کا تجربہ حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرنے، مہارتوں اور ملازمت کی اہلیت بڑھانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالکبیر خان زرکون نے وائس چانسلر کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کے مواقع اور جاری منصوبوں سے متعلق آگاہ کیا بلال خان کاکڑ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان مواقع کی سرزمین ہے بی بی او آئی ٹی صوبے کی یوتھ کو ہنرمند اور جدید عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ہر ممکن تعاون کرے گا بیوٹمز بلوچستان کا اعلیٰ تعلیمی مرکز ہے جو دور جدید کے تقاضوں کے مطابق نوجوان نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ کررہا ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبے کے قدرتی وسائل اور صنعتی مواقع کو بروئے کار لانے کیلئے ان نوجوانوں کو تیار کیا جائے۔

## وزیراعلیٰ کی ہدایت پر نوشکی سانحہ کے 24 زخمی کراچی منتقل، 2 جاں بحق

**جاں بحق ہونے والوں کی تعداد تین ہوگئی، سانحہ میں 55 افراد جھلس کر زخمی ہوئے تھے**

نوشکی/کراچی (نامہ نگار + خ ن) گزشتہ روز تیل ٹینکر میں دھماکے کے باعث جھلس کر زخمی ہونے والے دو افراد محمد طیب بادینی اور فائرمین فائر بریگیڈ محمود خان مینگل زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گئے۔ جبکہ ٹرک ڈرائیور ٹرک میں ہی جھلس کر موقع پر جاں بحق ہوگیا تھا۔ اسی طرح واقعہ میں اب تک جاں بحق ہونے والوں کی تعداد تین ہوگئی۔ 24 شدید زخمیوں کو حکومت بلوچستان کی جانب سے سی 130 طیارے میں علاج کے لیے لیاقت نیشنل ہسپتال کراچی منتقل کر دیا گیا ہے۔ دھماکے میں 55 سے زائد افراد جھلس کر زخمی ہوگئے تھے محمد طیب بادینی اور محمود مینگل کو نوشکی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے احکامات پر سی ون 130 طیارہ 24 زخمیوں کو لیکر کراچی پہنچ گیا گزشتہ روز سانحہ میں جھلس کر شدید زخمی ہونے والے 24 افراد کو فوری علاج کی سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت بلوچستان کی طرف سے دیئے گئے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر حب اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی زیر نگرانی 17 مریضوں کو لیاقت نیشنل ہسپتال کراچی اور دیگر زخمیوں کو سول ہسپتال برن وارڈ کراچی منتقل کیا گیا ہے۔ بلوچستان کے عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان کے عوام دوست اقدام کو سراہتے ہوئے کہا ہے سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان کی حکومت شاہراہوں پر پیش آنے والے روڈ حادثات میں ریسکیو آپریشن کے حوالے سے کلیدی کردار ادا کررہی ہے۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا، جس میں پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی بلوچستان کے قیمتی ورثے کو آئندہ نسلوں کیلئے محفوظ بنانے سے متعلق قرارداد جبکہ بی این پی (عوامی) کے سربراہ میر اسداللہ بلوچ پی بی 29 پنجگور کیلئے محکمانہ تجویز کردہ منصوبوں کو پی ایس ڈی پی 2024-25 میں شامل نہ کرنے کی وجوہات سے متعلق اور جماعت اسلامی کے رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ بسول ڈیم اور ماڑہ پر اب تک آنے والے اخراجات اور پراجیکٹ کی تکمیل کی تفصیلات سے متعلق الگ الگ توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے۔ اجلاس میں بلوچستان عوامی اجتماع اور مظاہروں کا مسودہ قانون مصدرہ 2025ء مسودہ قانون نمبر 15 مصدرہ 2025ء پیش کیا جائے گا۔ وقفہ سوالات میں محکمہ خزانہ اور محکمہ معدنیات سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## گوادر کے طلبہ کیلئے چینی قونصل جنرل کی جانب سے اسکالرشپ کی تقسیم

**اسکالرشپ گوادر سمیت پورے ملک کیلئے خوشحالی کا پیغام ہے، ڈپٹی کمشنر، میجر جنرل عدنان سرور و دیگر کا خطاب**

گوادر (خ ن) چینی قونصل جنرل کی جانب سے گوادر کے طلبہ کی سماجی و اقتصادی بہتری کے لئے دی گئی اسکالرشپ کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جو ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن کی قیادت میں گوادر یونیورسٹی، بلوچستان اور پاکستان کی مختلف جامعات میں زیر تعلیم طلبہ کو دی گئی، اسکالرشپ کی تقسیم کے لئے طلبہ کے مالی پس منظر اور تعلیمی میرٹ کو بنیاد بنایا گیا۔ تقریب میں 44 ڈویژن کے جی او سی میجر جنرل عدنان سرور ملک، ڈپٹی کمشنر حمود الرحمن، 440 بریگیڈ کے بریگیڈیئر احتشام، گوادر فری زون کے ڈپٹی جنرل منیجر مسٹر لیو ایئو، گوادر پورٹ کے ایکٹنگ چیئرمین داؤد کلمتی، پاکستان نیوی کے کموڈور اورنگزیب، رجسٹرار گوادر یونیورسٹی دولت خان، سول و عسکری افسران سمیت طلبہ نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر حمود الرحمن نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسکالرشپ چینی حکومت کی جانب سے ایک اہم اور مثبت شروعات ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ جولائی اور فروری کے دوران بیجنگ یونیورسٹی کے ساتھ ایم او یوز سائن کئے جائیں گے تاکہ گوادر کے طلبہ کو مزید بین الاقوامی تعلیمی مواقع فراہم کئے جاسکیں۔ انہوں نے پاکستان میں چینی قونصل جنرل اور حکومت چین کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر گوادر فری زون کے ڈپٹی جنرل منیجر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسکالرشپ گوادر کے نوجوانوں کے لئے ایک قیمتی سپورٹ ہے تاکہ وہ بہتر تعلیم حاصل کر کے اپنا اور علاقے کا مستقبل روشن بنا سکیں۔ جی او سی 44 ڈویژن میجر جنرل عدنان سرور ملک نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ اسکالرشپ نہ صرف گوادر بلکہ بلوچستان اور پاکستان کے لئے بھی خوشحالی اور دیرپا امن کا پیغام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے اقدامات پاکستان اور چین کے درمیان باہمی اعتماد اور دوستی کو مزید مضبوط بناتے ہیں۔ تقریب کے اختتام پر میجر جنرل عدنان سرور ملک نے اسکالرشپ کے چیکس تقسیم کئے اور گوادر یونیورسٹی کے رجسٹرار کو بھی اسکالرشپ کا چیک پیش کیا۔

## گوشت مہنگا فروخت کرنے والے 10 قصاب گرفتار، 18 دکانیں سیل

**سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد یقینی بنایا جائیگا خلاف ورزی پر کارروائی کی جائے گی، ضلعی انتظامیہ**

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کی جوائنٹ روڈ پر سرکاری نرخ نامے کے برعکس مہنگا گوشت فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کے دوران 18 دکانیں سیل اور 10 قصاب گرفتار کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ نے جوائنٹ روڈ پر گوشت فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی پر 18 دکانوں کو سیل جبکہ 10 قصابوں کو گرفتار کرلیا۔ سیل کی گئی دکانوں میں حمزہ بیف شاپ، شیرانی بیف شاپ، فقیرہ بیف مٹن شاپ، صادق بیف شاپ، حمید بیف مٹن شاپ، شہزاد مٹن بیف شاپ، ناصر لانگو بیف شاپ، ندیم لانگو بیف مٹن شاپ، ماشاءاللہ اونٹ گوشت شاپ، چاکر مٹن شاپ، ثمین قریشی (سدا بہار پولٹری)، محمد اکرم لانگو بیف مٹن شاپ، عجب خان بیف مٹن شاپ، محمد کریم مٹن شاپ، لانگو مٹن، مستحکم مٹن اینڈ پولٹری، محمد گل لانگو اور حسین بیف شامل ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد یقینی بنایا جارہا ہے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

CamScanner

سیاسی جماعتیں


CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 30 APR 2025

Page No. 22


## سی پیک کے اہم ترین شہر گوادر میں ماحول دوست ترقی کی جانب اہم پیش رفت

### گوادر "سمارٹ انوائرمنٹل سینیٹیشن اینڈ لینڈ فلنگ" کیلئے تقریباً 200 ملین روپے مختص

گوادر (خ ن) چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) کے اہم ترین شہر گوادر میں ماحول دوست ترقی کی جانب اہم پیش رفت ہوئی ہے گوادر سمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان کے تحت "سمارٹ انوائرمنٹل سینیٹیشن اینڈ لینڈ فلنگ" منصوبے کے لیے وفاقی حکومت نے تقریباً 200 ملین روپے مختص کر دیئے ہیں اس منصوبے کی شمولیت پی ایس ڈی پی میں کی گئی ہے اور سنٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی (CDWP) سے بھی اس ......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

کی باقاعدہ منظوری حاصل کی جا چکی ہے۔ منصوبے کی جامع پی سی ون (I-PC) بھی تیار کرلی گئی ہے، جس میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے لئے مکمل فزیبلٹی اسٹڈی شامل ہے۔ مجموعی طور پر اس منصوبے کی کل لاگت کا تخمینہ تقریباً 3277 ملین روپے لگایا گیا ہے یہ بات ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی سیف اللہ کھیتران نے ایک نجی ٹی وی کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے بتایا کہ منصوبے کے تحت شہر میں جدید کچرا کلیکشن، کم کاربن ٹریٹمنٹ، اور سمارٹ کنٹرول سسٹم متعارف کرایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ گوادر کی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، جس سے شہر کا ماحولیاتی معیار بہتر بنانے اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے میں مدد ملے گی بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ روزمرہ پیدا ہونے والے کچرے کے موثر انتظام کیلئے جامع حکمت عملی اپنائی جارہی ہے

## ریکوڈک منصوبے کیلئے 6.4 ارب ڈالر کا فنانشل کلوژر آئندہ ماہ متوقع

### پروڈکشن کے پہلے سال وفاق، بلوچستان کو 3 ارب ڈالر ملنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے

### یو ایس ایگزم بینک، یو کے ایگزم بینک اور عالمی بینک اس مالی بندوبست میں شامل

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ریکوڈک منصوبے کیلئے 6.4 ارب ڈالر کا فنانشل کلوژر آئندہ ماہ ہوگا ذرائع کے مطابق یو ایس ایگزم بینک، یو کے......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ایگزم بینک اور عالمی بینک اس مالی بندوبست میں شامل ہیں وفاقی حکومت، بلوچستان حکومت اور ایشیائی ترقیاتی بینک بھی فنانشل کلوژر کا حصہ ہیں ذرائع کا کہنا ہے کہ عالمی شراکت داروں کے ساتھ قرض کی شرائط کو حتمی شکل دی جارہی ہے اور فنانشل کلوژر مکمل ہونے کے بعد سرمایہ کاری کا بڑا رخ پاکستان کی جانب متوقع ہے عالمی مالیاتی شراکت داروں سے تقریباً 3 ارب ڈالر کے منصوبے کی تیاری جاری ہے

MASHRIQ QUETTA

## نوشکی میں فورسز پر حملے کی سازش دہلی میں ہوئی گرفتار دہشتگرد کے انکشافات

### بھارت میں موجود ہینڈلرز نے مزید ٹاسک بھی دیئے، "را" سے ہدایت لیکر بی ایل اے کی مقامی قیادت تک پہنچاتا تھا

### "را"، آر ایس ایس نے کالعدم بی ایل اے کی مدد سے منصوبہ بندی رچائی، فرید بلوچ، بھارتی عزائم بے نقاب ہوگئے، ماہرین

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) کالعدم بی ایل اے کے دہشتگرد فرید بلوچ کو گرفتار کرلیا گیا، دوران تفتیش فرید بلوچ کے سنسنی خیز انکشافات سامنے آگئے، دہشتگرد نے اعترافی بیان میں کہا میرا کام "را" ایجنٹ سے ہدایت لینا تھا، ہدایات بی ایل اے کی مقامی قیادت......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

تک پہنچاتا تھا، دفاعی تجزیہ کار جان اچکزئی کے مطابق دہشتگردی فرید بلوچ نے اعترافی بیان میں کہا نوشکی میں دہشتگرد حملے کی منصوبہ بندی دہلی میں ہوئی، بھارت میں موجود ہینڈلرز نے مزید ٹاسک بھی دیئے، فرید بلوچ نے کہا میرا کام "را" ایجنٹ سے ہدایت لینا تھا، ہدایات بی ایل اے کی مقامی قیادت تک پہنچاتا رہا، "را" ایجنٹ نے دہشتگردی کے مختلف ٹاسک دیئے۔"

CamScanner

سیاسی جماعتیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 30 APR 2025

Page No. 24

## بارڈر ٹریڈ کی بندش سے صوبہ بھر میں عوام اور تاجر متاثر ہیں، پشتونخوا میپ

## ناقص پالیسیوں کے باعث عدم استحکام کا شکار ہیں، جے یو آئی

## رکن اسمبلی طور اتمانخیل کی ہدایت پر پاکستان زندہ باد ریلی نکالی گئی

## پنجاب یونیورسٹی کے پشتون طلبا پر تشدد، گرفتاری قابل مذمت ہے، اے این پی

MASHRIQ QUETTA

## ضیاء مارشل لاء کے بعد سے طلباء تنظیموں پر پابندی عائد ہے، بلوچستان بار

## ملک کو درپیش بحرانوں کا حل فرسودہ نظام سے ممکن نہیں، قاری مہر اللہ

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 30 APR 2025 Page No. 25

اے این پی

# پنجاب یونیورسٹی لاہور میں پشتون طلباء پر پولیس تشدد قبول نہیں

## تخت لاہور کے حکمران پشتون دشمنی میں تمام حدیں پار کرتے جا رہے ہیں، غریب طلباء پر پنجاب کی سرزمین تنگ کی جارہی ہے

## پشتون اور بلوچ طلباء کو پہلے ہاسٹلز سے جبراً بیدخل کیا گیا اب انہیں صوبے سے نکالنے کی کوششیں کی جارہی ہیں، جمال الدین

کوئٹہ (آئی این پی) عوامی نیشنل پارٹی کے قائم مقام صوبائی صدر جمال الدین رشتیا نے پنجاب یونیورسٹی لاہور کے طلبا پر صوبائی اسمبلی ہال کے سامنے اپنے جائز اور برحق مطالبات کے حل کیلئے پرامن احتجاج پر مجبور پشتون طلبا پر پولیس کی جانب سے کریک ڈاؤن انہیں زخمی اور گرفتار کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ تخت لاہور کے حکمران پشتون دشمنی میں تمام حدیں پار کرتی جارہی ہے پہلے پہل پشتون طلبا کو ہاسٹل سے بیدخل کیا گیا بعدازاں ان پر تعلیم کے دروازے بند کیے گئے جسے پنجابی اشرافیہ کی پشتونوں سے متعلق طویل المیعاد پالیسیوں کی عکاسی ہوتی ہے پشتون بلوچ طالبعلموں سے لیکر بقیہ نمبر 11 صفحہ 5 پر

غریب پرور محنت کشوں اور تاجروں تک ان پر پنجاب کی سرزمین تنگ کی جارہی ہے جس کی ہم بھرپور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اے این پی کے قائم مقام صوبائی صدر نے مزید کہا کہ پشتون طالبعلم لاہور سمیت پنجاب کے مختلف درسگاہوں میں زیر تعلیم ہے ان پر کبھی مذہبی جنونیوں کی طرف سے تو کبھی یونیورسٹی انتظامیہ کی ایما پر پولیس اور فورسز کی جانب سے حملے ہوتے ہیں جو کسی صورت قابل قبول عمل نہیں گزشتہ رات کے آخری پہر پنجاب صوبائی اسمبلی ہال کے سامنے ایک ہفتے سے جاری پنجاب یونیورسٹی سٹوڈنٹس فیڈریشن کے پرامن دھرنے پر پنجاب پولیس نے بے دردی کے ساتھ معصوم پشتون طلبا پر تشدد کیا اور متعدد پشتون طلبا کو گرفتار کرلیا خیبر پشتونخوا اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والے ان طلبا کو پہلے ہاسٹلز سے جبراً بےدخل کیا گیا اور اب انہیں پنجاب سے نکالنے کی کوششیں کی جارہی ہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ پنجاب یونیورسٹی انتظامیہ کی جانب سے پشتون طلبا کیلئے پیدا کیے گئے مسائل کا فوری اور منصفانہ حل یقینی بنایا جائے بصورت دیگر عوامی نیشنل پارٹی دیگر قوم دوست، جمہوریت پسند قوتوں کیساتھ مل کر پنجاب میں جاری پشتون بلوچ دشمنی کے خلاف ملک بھر میں احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

# بارڈر بندش کیخلاف کیچ میں شٹر ڈاؤن ہڑتال

## ہڑتال کے دوران تمام چھوٹے بڑے کاروباری مراکز مکمل طور پر بند رہے، ہڑتال کی کال آل پارٹیز کیچ، انجمن تاجران اور سماجی تنظیموں نے دی تھی

## عبدوئی بارڈر بغیر کسی وجہ کے گزشتہ ڈیڑھ ماہ سے بند ہے جس کی وجہ سے مکران میں معاشی بحران جنم لے چکا ہے، یکم مئی کو ریلی نکالنے کا بھی اعلان

تربت (نمائندہ انتخاب) بارڈر بندش، تلار چیک پوسٹ پر تذلیل اور مکران ڈویژن میں بجلی بحران کے خلاف آل پارٹیز، بارڈر ٹریڈ اور انجمن تاجران کی کال پر تربت سمیت ضلع کیچ میں شٹر ڈاؤن ہڑتال، عبدوئی بارڈر کی ڈیڑھ ماہ سے زائد عرصہ بندش کے خلاف تربت سمیت ضلع کیچ میں آج مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی جارہی ہے، ہڑتال کا اعلان آل پارٹیز کیچ، انجمن تاجران، بارڈر ٹریڈ یونین اور سماجی تنظیموں نے مشترکہ طور پر دی ہے، ان کے مطابق عبدوئی بارڈر کو کسی سبب کے بغیر ڈیڑھ ماہ سے بند کیا گیا ہے جس سے مکران میں معاشی بحران جنم لے چکا ہے، یہاں روزگار کے مواقع پہلے سے ناپید ہیں معیشت کا بقیہ نمبر 19 صفحہ 5 پر

واحد سبب بارڈر ٹریڈ تھا جس پر قدغن لگا کر معاشی بحران پیدا کیا گیا ہے، ان رہنماؤں کا کہنا ہے کہ آج کی شٹر ڈاؤن ہڑتال کے بعد احتجاج کا سلسلہ بارڈر کھلنے تک جاری رہے گا یکم مئی کو اس سلسلے میں ریلی نکالی جائے گی جس میں عوام کو شرکت کی اپیل کی گئی ہے، ہڑتال کی کال پر بلیدہ، زامران ہیرونک، مند، تمپ سمیت مختلف علاقوں میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کی اطلاعات ہیں۔

# بلوچستان کی ترقی باہمی اتحاد و مشاورت سے ہی ممکن ہے، سردار کمال خان بنگلزئی

## سابق رکن اسمبلی کی لہڑی ہاؤس آمد، لیاقت لہڑی سے ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر سابق رکن قومی اسمبلی سردار کمال خان بنگلزئی نے لہڑی ہاؤس جاکر پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، سیاسی حالات، قبائلی معاملات اور علاقائی ترقی کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماں نے بلوچستان میں قیام امن، باہمی رواداری، اور قبائلی بقیہ نمبر 23 صفحہ 5 پر

ہم آہنگی کو فروغ دینے پر زور دیا۔ سردار کمال خان بنگلزئی نے میر لیاقت علی لہڑی کی عوامی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی ترقی باہمی اتحاد، مشاورت اور قیادت کے سنجیدہ کردار سے ہی ممکن ہے۔ میر لیاقت علی لہڑی نے بھی سردار کمال خان کی سیاسی بصیرت اور قبائلی خدمات کی تعریف کی۔ دونوں رہنماں نے اس امر پر اتفاق کیا کہ عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور علاقے میں ترقیاتی منصوبوں کو تیز کرنے کے لیے باہمی تعاون جاری رکھا جائے گا۔ اس موقع پر میر عمران بنگلزئی شفیق کشمیری بھی موجود ہیں۔

CamScanner

امن وامان    عوامی مسائل

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3    Dated: 30 APR 2025    Page No. 26

## جائز حقوق مل جائیں تو بلوچستان کے عوام کے مسائل میں کمی آسکتی ہے، ہدایت الرحمٰن

### پاکستان سمیت جہاں بھی ظلم وزیادتی ہوگی ہم اس کیخلاف مزاحمت کرتے رہیں گے، گوادر میں مصروفیات

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ گوادر کی ماؤں بہنوں نے حق دو تحریک کی فعالیت اور میری کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ عوام کو حقوق دلانے، انصاف اور عدل کی فراہمی کیلئے حق دو تحریک شروع کی ہے۔ عوام کو ان کے جائز حقوق مل جائیں تو بلوچستان کے عوام کے مسائل میں کمی آسکتی ہے۔ نوشکی آتشزدگی واقعہ غفلت وکوتاہی کا نتیجہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں خواتین کی تقریب، اجلاس سے خطاب اور وفود سے ملاقاتوں کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ وفاق بلوچستان کو خیرات و پٹرول قیتوں میں بچت رقم نہ دے بلکہ سی پیک ریکوڈک سینڈک گیس ودیگر پراجیکٹس کے ثمرات دیگر محرومی غربت بے روزگاری سے نجات دلائے۔ فلسطین کے عوام سے یکجہتی کیلئے بھی گوادر کی ماؤں بہنوں نے تاریخی جلسہ، تاجروں نے مکمل شٹر ڈاون ہڑتال کر کے غیرت ایمانی کا مظاہرہ اور معصوم غزہ فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا۔ پاکستان سمیت جہاں بھی ظلم وزیادتی ہوگی ہم اس کیخلاف مزاحمت کرتے رہیں گے۔ اس وقت امت مسلمہ کو یکجا ہو کر اسرائیلی اور امریکی مصنوعات کا بائیکاٹ کرنا ہوگا۔ یہ امت مسلمہ کے متحد ہونے کا وقت ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## گوادر کی خواتین نے میری کامیابی میں اہم کردار ادا کیا' مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

### نوشکی کا واقعہ ذمہ داروں کی غفلت وکوتاہی کا نتیجہ ہے، ایم پی اے کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ گوادر کی ماؤں و بہنوں نے حق دو تحریک کی فعالیت و میری کامیابی میں اہم کردار ادا کیا عوام کو حقوق دلانے، انصاف اور عدل کی فراہمی کیلئے جب حق دو تحریک شروع کی وفاقی حکومت اور صوبائی حکومت نے عوام کو جائز حقوق دلانے کا فیصلہ کیا نوشکی کا واقعہ ذمہ داروں کی غفلت وکوتاہی کا نتیجہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں خواتین کی تقریب ......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

و اجلاس سے خطاب اور وفود سے ملاقاتوں کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ وفاق بلوچستان کو خیرات و پٹرول کی قیتوں میں بچت رقم نہ دے بلکہ سی پیک ریکوڈک سینڈک گیس او دیگر پراجیکٹس کے ثمرات دیکر محرومی غربت بے روزگاری سے نجات دلائے۔ ہمیں خیرات و پٹرول سے بچت نہیں حقوق چاہئے بلوچستان فلسطین کے عوام سے یکجہتی کیلئے بھی گوادر کی ماؤں بہنوں نے تاریخی جلسہ، عوام تاجروں نے مکمل شٹر ڈاون ہڑتال کر کے غیرت ایمانی کا مظاہرہ کر کے اسرائیلی درندگی اور ظلم وزیادتی کے خلاف اور معصوم غزہ فلسطینیوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا

Century Express Quetta

## حقوق دے کر مسائل کم کیے جاسکتے ہیں، ہدایت الرحمان

### سی پیک ریکوڈک سینڈک ودیگر پراجیکٹس کے ثمرات صوبے کو منتقل کیے جائیں

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ گوادر کی خواتین ماؤں بہنوں نے حق دو تحریک کی فعالیت میری کامیابی میں اہم کردار ادا کیا عوام کو حقوق دلانے، انصاف اور عدل کی فراہمی کیلئے جو دو تحریک شروع کی ہے وفاقی حکومت اسٹیبلشمنٹ اور صوبائی حکومت نے عوام کو جائز حقوق دلانے کا فیصلہ کیا تو بلوچستان کے عوام کے مسائل میں کمی آسکتی ہے۔ نوشکی آتشزدگی واقعہ غفلت و کوتاہی کا نتیجہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں خواتین تقریب، اجلاس سے خطاب اور وفود سے ملاقاتوں (باقی صفحہ 5 نمبر 24)

کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ وفاق بلوچستان کو خیرات و پٹرول قیمتوں میں بچت رقم نہ دے بلکہ سی پیک ریکوڈک سینڈک گیس ودیگر پراجیکٹس کے ثمرات دیکر محرومی غربت بے روزگاری سے نجات دلائیں۔ ہمیں خیرات و پٹرول بچت نہیں حقوق چاہئے بلوچستان فلسطین کے عوام سے یکجہتی کیلئے بھی گوادر نے ماؤں بہنوں نے تاریخی جلسہ، عوام تاجروں نے مکمل شٹر ڈاون ہڑتال کر کے غیرت ایمانی کا مظاہرہ کر کے اسرائیلی درندگی اور ظلم وزیادتی کے خلاف اور معصوم غزہ فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا۔

امن وامان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 30 APR 2025 Page No. 27

## زیارت اور تربت میں ٹارگٹڈ آپریشن 10 دہشتگرد ہلاک

اسلحہ گولہ بارود برآمد

تربت میں تین اور زیارت کے علاقے چوتیر میں سات دہشتگرد مارے گئے، کانکنوں کو شہید کرنے سمیت متعدد وارداتوں میں ملوث تھے

دہشتگردی کیخلاف موثر کارروائیاں قابل تحسین، سہولت کاروں کیخلاف بھی کارروائی عمل میں لائی جائیگی، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

کوئٹہ ( اسٹاف رپورٹر) سیکورٹی فورسز کا زیارت چوتیر اور تربت میں ٹارگٹڈ آپریشن فائرنگ کے تبادلے میں کالعدم تنظیم کے دس دہشت گرد ہلاک اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کرلیا گیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ کالعدم تنظیم کے دہشت گرد تربت میں موجود ہیں جس پر سیکورٹی فورسز نے ٹارگٹڈ آپریشن کیا دہشت گردوں نے سیکورٹی فورسز پر فائرنگ شروع کردی تاہم سیکورٹی فورسز نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے جوابی کارروائی کی جس کے نتیجے میں تین دہشت گرد ہلاک ہوگئے سیکورٹی فورسز نے بھاری تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود قبضے میں لے لیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 29اپریل کو ضلع کیچ کے علاقے تربت میں سیکورٹی فورسز نے دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن کیا جس کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں تین دہشتگرد ہلاک ہوگئے جبکہ ان کے قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود برآمد کرلیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک ہونے والے دہشتگرد قانون نافذ کرنے والے اداروں اور معصوم شہریوں پر متعدد دہشتگردی کی کارروائیوں میں ملوث تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں دہشتگردوں کی ممکنہ موجودگی پر سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہیں۔ آئی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تربت، ضلع کیچ میں سیکورٹی فورسز کی

ایس پی آر کا کہنا ہے کہ پاکستان کی سیکورٹی فورسز قوم کے شانہ بشانہ ہوکر بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی کو سبوتاژ کرنے کی سازشوں کو ناکام بنانے کے لئے پرعزم ہیں۔ ایک اور واقعے میں سیکورٹی ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اطلاع ملی تھی کہ کالعدم تنظیم کے دہشت گرد زیارت کے علاقے چوتیر میں موجود ہیں اور دہشت گردی کی منصوبہ بندی کررہے ہیں جس پر سیکورٹی فورسز کے ہمراہ گزشتہ شب چوتیر میں ٹارگٹڈ آپریشن کیا دہشت گردوں نے سیکورٹی فورسز کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کردی اور دستی بم حملے کئے تاہم سیکورٹی فورسز نے جوابی کارروائی کی فائرنگ کا تبادلے دو گھنٹے تک جاری رہا جس کے نتیجے میں سات دہشت گرد ہلاک ہوگئے فورسز نے ٹھکانے سے بھاری تعداد میں اسلحہ دستی بم اور گولہ بارود قبضے میں لے لیا۔ مارے جانے والے دہشت گرد کانکنوں کو شہید کرنے سمیت دیگر دہشت گردی کی وارداتوں میں ملوث تھے۔

## نوشکی: واردات کی نیت سے گھومنے والوں کی فائرنگ سے کانسٹیبل زخمی

پولیس کی جوابی فائرنگ سے کار الٹ گئی، ملزمان زخمی حالت میں روپوش، سرچ آپریشن شروع

نوشکی ( نامہ نگار ) پولیس کو خفیہ ذرائع سے اطلاع ملی کہ ایک مشکوک گاڑی میں مسلح افراد واردات کی کوشش کررہے ہیں، جس پر ایس پی کی خصوصی ہدایت پر پولیس پارٹی موقع پر پہنچ گئی، پولیس کو دیکھتے ہی ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں ایک گولی کانسٹیبل زبیر احمد کو لگی، پولیس کی جوابی فائرنگ سے ملزمان کی کار الٹ گئی اور ملزمان زخمی حالت میں کلی فقیران میں روپوش ہوگئے۔ پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لیکر ملزمان کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن شروع کردیا۔ زخمی زبیر احمد کو طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کردیا گیا۔

## پنجگور، فورسز پر فائرنگ کے بعد سرچ آپریشن شروع

پنجگور(نامہ نگار) چتکان بازار فائرنگ کے بعد مکمل طور پر بند ہوگیا واقعہ کے بعد فورسز نے بازار کا گھیراؤ کرکے تلاشی شروع کردی ذرائع کے مطابق نامعلوم موٹرسائیکل سواروں نے سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر فائرنگ کی اور فرار ہوگئے واقعہ کے بعد فورسز اور پولیس نے بازار کے تمام راستے سیل کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی جبکہ فائرنگ شروع ہوتے ہی تاجروں نے دکانوں کو بند کردیا تاہم ناکہ بندی کے باعث تاجر اور شہری بڑی تعداد میں محصور ہونے کے باعث مشکلات کا شکار رہے آخری اطلاعات تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی تھی۔

## اوستہ محمد: برقع پوش ڈاکو اسپیشل برانچ اہلکار کے گھر سے سونا لوٹ کر فرار

واقعہ جان کالونی میں پیش آیا، ڈاکوؤں نے خاتون کی مدد سے اہل خانہ کو یرغمال بنایا اور سونا چھین لیا

ڈیرہ مراد جمالی ( نامہ نگار ) اوستہ محمد میں ڈاکو برقع پہن کر اسپیشل برانچ کے اہلکار کے گھر سے لاکھوں روپے کا سونا لوٹ کر فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جان کالونی میں نامعلوم ڈاکو اپنی ایک خاتون ساتھی کے ہمراہ برقع پہن کر اسپیشل برانچ کے اہلکار کے گھر میں گھس گیا اور اہل خانہ کو یرغمال بنا کر لاکھوں روپے کا سونا چھین کر یہ جوڑا فرار ہوگیا۔ واقعہ کے بعد پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کردی، تاہم کوئی گرفتاری و برآمدگی عمل میں نہیں آئی۔

## وندر، گاڑی کے خفیہ خانوں سے منشیات برآمد ہونے پر 2 ملزمان گرفتار

حب (نامہ نگار) ایس پی حب سید فاضل شاہ بخاری کی خصوصی ہدایت ڈی ایس پی سرکل وندر محمد جان ساسولی کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ وندر قاضی صابر نے ناکہ کھارزی چیک پوسٹ پر دوران چیکنگ مشکوک گاڑی کے خفیہ خانوں سے 32 کلو چرس برآمد کرکے دو ملزمان ثناء اللہ اور محمد پناہ کو گرفتار کرلیا۔

INTEKHAB QUETTA

## نصیر آباد، مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

چھتر ( آن لائن ) ضلع نصیر آباد پولیس تھانہ میر حسن کی حدود آرڈی چار سو اٹھارہ پل پر حیات ہوٹل پر راہب شاہ ولد بہرام شاہ چائے پی رہا تھا موٹر سائیکل مسلح افراد آئے اور فائرنگ کرکے شدید زخمی کردیا جس کو علاج کی غرض سے ڈیرہ مراد جمالی لے جارہے تھے ہیرو پل کے مقام پر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگئے پولیس نے لاش پوسٹ مارٹم کروانے کے بعد ورثہ کے حوالے کردیا وجہ سیاہ کاری کا معاملہ بتایا جاتا ہے۔

## پشین، لڑکے کو زیادتی کے بعد قتل کرنے والا ملزم گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) ضلع پشین کے علاقے میں 12 سالہ بچے کو زیادتی کے بعد قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر کاریزات امیر حمزہ کے مطابق 25اپریل کو 12 سالہ شکیل احمد کے لاپتہ ہونے کی اطلاع ملنے پر لیویز نے بچے کی تلاش شروع کی تاہم 27اپریل کو پونی ناصران کے مقام پر بچے کی لاش برآمد ہوئی۔ لیویز نے تفتیش کے دوران بسم اللہ نامی شخص کی نشاندہی کرکے تلاش

بقیہ نمبر6 صفحہ 5 پر

شروع جس پر ملزم فرار ہوگیا تاہم بعد میں لیویز نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ انہوں نے بتایا کہ ملزم بسم اللہ نے دوران تفتیش بچے سے زیادتی اور قتل کا اعتراف کرلیا ہے ملزم کا میڈیکل ٹیسٹ کرنے کے بعد رپورٹ عدالت میں جمع کروائی جائیگی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily: INTEKHAB QUETTA
Bullet No. 3
Dated: 30 APR 2025
Page No. 28

# حب، تعلیمی نظام تباہی کے دہانے پر، خستہ حال عمارتیں، اساتذہ افسران

## ضلع حب کے قیام سے لیکر اب تک مستقل ضلعی تعلیمی افسر کا تقرر نہ ہو سکا، اساتذہ کی تقرریوں میں سیاسی و سفارشی کلچر سے تعلیمی نظام تباہ ہو گیا

## غیر فعال اسکولوں میں اساتذہ کی کمی پوری کرنے کیلئے 56 کنٹریکٹ مرد و خواتین اساتذہ کی بھرتیوں میں بھی اقربا پروری و غیر شفافیت کے انکشافات

حب (رپورٹ / عزیز لاسی) ضلع حب کا تعلیمی نظام تباہی کے دہانے پر آ گیا اساتذہ اور افسران کی کمی، سکولوں کی خستہ حال عمارتیں سہولتوں کا فقدان ضلع حب قیام کے اب تک مستقل ضلعی تعلیمی آفیسر کا تقرر نہ ہو سکا اساتذہ کی تقرریوں میں سیاسی سفارش کلچر اور افسران کی اقربا پروری میرٹ کی پامالی نے تعلیمی نظام کو نہ صرف بدحال کر کے رکھ دیا ہے بلکہ بدنامی کا بھی سبب بن چکا ہے غیر سرکاری تنظیموں کی جانب سے سرکاری اسکولوں میں بہتری کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں لیکن انکے تحفظ کیلئے انتظامات کا فقدان ان اقدامات پر پانی پھیر رہا ہے ضلع حب کے غیر فعال 51 اسکولوں کو فعال بنانے سمیت

بقیہ نمبر 13 صفحہ 5 پر

دیگر اسکولوں میں اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کیلئے 56 کنٹریکٹ مرد و خواتین ٹیچرز کی بھرتیوں میں بھی اقربا پروری اور غیر شفافیت کے انکشافات سامنے آئے ہیں جبکہ ان کی بات یہ بھی سامنے آئی ہے کہ کنٹریکٹ اساتذہ حلقہ میرٹ اقربا پروری کے تحت سلیکشن کی گئی ہے ابھی تک اپنی تقرری کا حکم نامہ نہیں ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے تقرر نامے جاری کیے گئے ہیں لیکن محکمہ خزانہ بلوچستان محکمہ خزانہ نے انکی تنخواہیں جاری کرنی ہیں اسی طرح سے SBK کی تو سوائے حب شہر ضلع حب کے اسکولوں کیلئے بھرتی کیے گئے 172 اساتذہ میں سے ضلع حب کے حصے میں صرف 98 آسامیاں آئی ہیں اسی طرح سے 56 کنٹریکٹ اور SBK98 ٹیچرز کی کل تعداد 181 مرد و خواتین بنتی ہے جبکہ ایک اندازے کے مطابق اس وقت ضلع حب میں مزید تقریباً 300 اساتذہ کی ضرورت ہے ذرائع بتاتے ہیں کہ اساتذہ کی بھرتیاں یونین کونسل اور تحصیل سطح پر کی گئی تھیں جب بعض اوقات تقرریاں کی گئیں تو ان اساتذہ کو اپنی یونین اور تحصیل سے دور دراز کے علاقوں میں مقرر کر دیا جاتا رہا ہے جس سے اساتذہ کو ایک نئی پریشانی کا سامنا ہے جبکہ بھرتیوں میں میرٹ کی پامالی کا شکار امیدوار بھی سراپا احتجاج ہیں ایک جانب صوبے بھر میں تعلیمی ایمرجنسی کا دعویٰ کیا جا رہا ہے ایجوکیشن بجٹ میں اضافے پر واہ واہ کی جا رہی ہے تو دوسری طرف حکومتی اداروں کی غیر سنجیدگی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ جب سے ضلع حب کا قیام عمل میں لایا گیا ہے تب سے ضلع ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میل مکمل سے محروم ہے اور تحصیل سطح کے افسران کو گھروں ضلعی آفیسرز کے طور پر بٹھا دیا گیا ہے جو کہ ان پوسٹوں کے اہل افسران کے استحصال اور سیاسی پسند و ناپسند کے مترادف عمل ہے مڈل سطح کے اسکولوں کی نگرانی کیلئے حب میں حلقہ آفیسر نہ ہونے کے سبب ابھی تک حب ضلع کے تمام مڈل اسکولوں کا کنٹرول آج بھی لسبیلہ اوتھل سے کنٹرول کیا جا رہا ہے جسکی وجہ سے مڈل سکولوں کے مرد و خواتین اساتذہ کے دفتری اور مالیاتی امور کے حوالے سے اوتھل کے چکر لگانے پڑتے ہیں کنٹریکٹ اساتذہ کی تقرریوں کے حوالے سے ذرائع بتاتے ہیں کہ سابق خاتون ڈپٹی کمشنر حب کے دور میں جن مرد و خواتین کے انٹرویو ہوئے تھے اسکے بعد ایک بااثر شخصیت کی صاحبزادی کا نام سلیکشن فہرست میں شامل نہ ہونے پر تمام معاملات خراب کر دیا گیا اور مذکورہ آفیسر کا تبادلہ بھی کر دیا گیا تاہم اس وقت جن امیدواروں کی سلیکشن کر کے جو فہرست جاری کی گئی ہے ذرائع کے مطابق کئی ایسے امیدوار سامنے آئے ہیں جن کا دعویٰ ہے کہ حتمی حصول کیلئے مجموعی طور پر سلیکشن لسٹ میں انکے نام شامل تھے لیکن جو تقرر نامے جاری ہوئے ہیں ان میں انکے نام شامل نہیں ہیں جو کہ ان امیدواروں کے ساتھ ناانصافی ہے متاثرہ امیدواروں کا کہنا ہے کہ وہ اس حوالے سے وہ اپنا قانونی حق استعمال کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں ذرائع بتاتے ہیں کہ ضلع حب کے 51 غیر فعال پرائمری سطح کے اسکولوں میں نئی تقرریوں کے بعد 34 پرائمری اسکولوں کے فعال ہونے کے امکانات ہیں تاہم 17 پرائمری اسکول کیلئے اساتذہ دستیاب نہیں ہیں

مختلف ذرائع سے ملنے والی معلومات کے مطابق اس وقت ضلع حب میں پرائمری سکولز کی تعداد میں 16 ہائی اسکول، 14 پرائمری اور 17 مڈل اسکول ہیں جن کی کل تعداد 257 بنتی ہے جس میں سے گرلز اسکولوں میں 51 پرائمری، 16 مڈل اور 10 گرلز ہائی اسکول شامل ہیں اور ان تمام اسکولوں میں زیر تعلیم طلباء و طالبات کی تعداد تقریباً 65000 سے زائد ہے جس میں 36333 لڑکے اور 28617 طالبات شامل ہیں جبکہ ان 65000 بچے بچیوں کو درس و تدریس پر مامور مرد و خواتین کی تعداد تقریباً 960 ہے جن میں 600 مرد اساتذہ اور 360 خواتین اساتذہ شامل ہیں یہاں پر قابل غور بات یہ ہے کہ حکومتی سطح پر تعلیمی ایمرجنسی کا دعویٰ ایجوکیشن بجٹ میں اضافہ بلوچستان کے طلباء و طالبات کو تعلیم اور معیاری تعلیم کی فراہمی تعلیمی معیار بہتر بنانے والے طلباء و طالبات کی حوصلہ افزائی کیلئے لیپ ٹاپ تقسیم سب خوش آئند اقدامات کے زمرے میں آتے ہیں لیکن ان اقدامات پر حقیقی طور پر عملدرآمد بھی کیا جا رہا ہے یا حکومت کی طرف سے جاری اعلانات اور اقدامات عملی طور پر نچلی سطح تک پہنچتے ہیں سیاسی اور عسکری تقرریاں اور سفارش کلچر کی نذر ہو رہے ہیں اس حوالے سے موثر مانیٹرنگ اور شفافیت کی انتہائی ضرورت ہے حکومت کی جانب سے بڑے پیمانے پر سرکاری اسکولوں میں بچوں کی داخلہ مہم چلائی جاتی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ صرف اعلانات کی جائے ضلع حب کے سرکاری اسکولوں کی خستہ حالی اور بنیادی سہولتوں کی عدم دستیابی کو اگر دیکھا جائے تو بیشتر اسکولوں کی عمارتیں زبوں حالی کا شکار ہیں ... [illegible] ... جس کی وجہ سے طلباء اور اساتذہ کو گرمی کی شدت اور سردیوں کے موسم میں مشکلات کا سامنا ہے ... گرلز ہائی اسکول اور قریب ہی واقع گرلز اسکول شعبہ پرائمری میں نہ تو K الیکٹرک کی بجلی کا کنکشن ہے اور نہ ہی PHE ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے پانی کی فراہمی کا کوئی بندوبست ہے گرلز اسکول میں ایک غیر سرکاری NGO کی جانب سے سولر انرجی سسٹم کے تحت بجلی کی فراہمی کا بندوبست کیا گیا تھا لیکن چوکیدار نہ ہونے کی وجہ سے نامعلوم چور سولر انرجی کا پورا سسٹم ہی لے اڑے اور حالیہ شدید گرمی اور ہیٹ ویو میں بچے بچیوں اور اساتذہ کی حالت انتہائی قابل رحم ہے اور گرمی کی شدت اور لو لگنے کے سبب آئے روز بچے بچیوں کے بے ہوش ہونے کی اطلاعات موصول ہوتی رہتی ہیں۔

# پنجگور میں منشیات کھلے عام فروخت ہو رہی ہے، میر شکیل قمرانی پھٹ پڑے

## چیک پوسٹوں پر بھتہ خوری عام ہے، ڈپٹی کمشنر کو عوامی مسائل سے کوئی سروکار نہیں، پریس کانفرنس

پنجگور (نمائندہ انتخاب) پنجگور میئر میونسپل کارپوریشن پنجگور شکیل احمد قمرانی نے اپنے دفتر میں میونسپل کارپوریشن کے کونسلران کے ہمراہ ایک پرہجوم پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پنجگور میں امن و امان کا مسئلہ بنا ہوا ہے منشیات کھلے عام فروخت ہو رہا ہے چیک پوسٹوں پر بھتہ خوری عام ہے ڈپٹی کمشنر عوام کے مسائل کو سننے اور حل کرنے کے لئے اپنے دفتر میں موجود نہیں ہوتے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 5 پر

بلکہ دو تین بجے کے بعد دفتر میں آتے ہیں جس وقت شہری مایوس ہو کر اپنے گھروں کو لوٹتے ہیں انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کو عوامی مسائل سے کوئی سروکار نہیں ہے انکی تمام تر توجہ صرف اور صرف بارڈر کے پیچ اور چیک پوسٹوں کی حد تک محدود ہے انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر پنجگور کی عدم توجہی کی وجہ سے سرکاری امور درہم برہم ہو کر رہ گئے ہیں شہر میں چوری ڈکیتیاں منشیات فروشی عام ہو گئے ہیں پنجگور میں قتل و غارت کا بازار گرم ہے میئر نے مزید کہا کہ ہم ڈپٹی کمشنر کو 72 گھنٹوں کا الٹی میٹم دیتے ہیں کہ وہ انتظامی معاملات کو درست کر کے اپنا رویہ تبدیل کریں بصورت دیگر ڈی سی آفس کی تالا بندی کر کے سی پیک پر دھرنا دے کر احتجاج کیا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 30 APR 2025 Page No. 29

# تیل بردار گاڑیاں، چلتی پھرتی موت کا سامان

نوشکی میں تیل بردار ٹرک میں آگ لگنے سے ڈرائیور جاں بحق جبکہ درجنوں افراد زخمی ہو گئے، حادثے کی وجہ ٹرک اڈے پر ٹینکی میں مرمت کا کام بتایا جا رہا ہے۔ ٹینکی کو ویلڈ کیا (جوڑا) جا رہا تھا کہ ٹینکی زوردار دھماکے سے پھٹ گئی۔ اس سے چند روز قبل بھی ایک تیل بردار ٹرک میں آگ لگنے سے 28 سے زائد افراد زخمی ہو گئے تھے۔

بلوچستان میں ایسے واقعات ہونا اب معمول کی بات بنا دیا گیا ہے، نہ تو حکومت اس حوالے سے کوئی اقدام کرتی نظر آتی ہے اور نہ ہی نجی شعبے کے کرتا دھرتاؤں کو انسانی جانوں کی کوئی پروا ہے، غریب عوام روزگار کے چکر میں اپنی زندگیاں ہار رہے ہیں، جو انتہائی افسوسناک اور قابل گرفت جرم ہے۔ حکومت کو اس حوالے سے فوری طور پر ایس او پیز بنا کر تیل کی اسمگلنگ یا قانونی طور پر ترسیلات کے حوالے سے کام کرنے والے ٹرانسپورٹرز اور ان سے منسلک ملازمین کو قانون پر عملدرآمد کا پابند کرنا چاہیے کیونکہ ویلڈنگ کرنے والے یا دیگر متعلقہ کام کرنے والوں کا اس شعبے سے کوئی تعلق نہیں ہے، وہ بے چارے تو بلاوجہ حادثات کا شکار ہو رہے ہیں۔ خاص طور پر ایسی گاڑیاں جن میں مسافر بھی بٹھائے جاتے ہیں وہ تو اور بھی زیادہ خطرناک ہیں، کیونکہ تیل میں آگ ایک دم بھڑک اٹھتی ہے اور انسانوں کو جان بچانے کا بھی موقع نہیں ملتا۔

ایک بڑا مسئلہ آگ بجھانے والے آلات کا نہ ہونا بھی ہے، جب بھی کوئی ایسا کام کیا جاتا ہے تو اگر اس گاڑی میں مناسب آلات ہوں تو آگ پر فوری قابو پایا جا سکتا ہے۔ اب تو ایسے زبردست آلات بن چکے ہیں اور پاکستان میں بھی دستیاب ہیں کہ ذرا سی حرارت (ہیٹ) ملنے پر فوری طور پر خود ہی اسے ٹھنڈا کرنے میں لگ جاتے ہیں۔ لہٰذا ایسے گاڑیاں جن میں کسی بھی قسم کا تیل لے جایا جاتا ہے ان میں ایسے آلات کا ہونا لازمی قرار دیا جائے اور اس حوالے سے ڈرائیورز اور گاڑی کے دیگر عملے کو ان آلات کو چلانے کی تربیت کو بھی یقینی بنایا جائے کیونکہ محض آلات ہونے سے کچھ نہیں ہوتا اس کا استعمال بھی آنا چاہیے، ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ کس نوعیت کی آگ پر قابو پایا جا سکتا ہے اور کس نوعت کی آگ کو بجھانے کے چکر میں اپنی زندگی داؤ پر نہیں لگانی چاہیے۔ بلکہ فوری طور پر فائر بریگیڈ یا دیگر متعلقہ اداروں کو مطلع کیا جانا چاہیے۔

حکومت تیل بردار گاڑیوں کی روک تھام اور ان میں آگ بجھانے والے آلات کی تنصیب کو یقینی بنانے کے لیے فوری طور پر اقدامات کرے، دوسری جانب ٹرانسپورٹر حضرات کو بھی اپنے بھائیوں کی جانوں سے کھیلنے سے گریز کرتے ہوئے ہر قسم کے تحفظ کو یقینی بنانا چاہیے اور جو ایسا نہیں کرتا، اس پر ابتدائی طور پر جرمانہ کرنا چاہیے اور بار بار تنبیہ کے باوجود بداحتیاطی کرنے والے ٹرانسپورٹرز کی گاڑیوں کو ایک سال سے پانچ سال کے لیے ضبط کر لینا چاہیے تاکہ ٹرانسپورٹ مافیا انسانی جانوں کے ضیاع کے معاملے میں ہر قسم کی احتیاط کو ملحوظ رکھیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 30 APR 2025

Page No. 30

# نوشکی، پیٹرول ٹرک دھماکہ 50افراد زخمی

بلوچستان کے ضلع نوشکی میں منی پٹرول اڈے کے قریب پیٹرول سے بھرا ٹرک دھماکے سے پھٹ گیا، جس کے نتیجے میں 50افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق ٹرک میں اچانک آگ بھڑک اٹھی اور دھماکہ ہو گیا، جس سے علاقے میں بھگدڑ مچ گئی۔ اس دھماکے کے نتیجے میں فائر بریگیڈ کی گاڑی سمیت کئی موٹر سائیکلیں بھی متاثر ہو گئیں۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق دھماکے میں زخمی ہونے والے 50افراد میں سے 20 کی حالت تشویشناک ہے اور انہیں فوری طور پر ہیلی کاپٹر کے ذریعے کوئٹہ کے سی ایم ایچ اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد نوشکی ٹیچنگ اسپتال میں فراہم کی گئی۔ حکام کے مطابق اسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے تاکہ زخمیوں کی بہتر دیکھ بھال کی جا سکے۔ واقعے کے بعد فائر بریگیڈ کا عملہ اور عوامی رضاکاروں نے آگ بجھانے میں بھرپور حصہ لیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوشکی میں پیش آنے والے افسوسناک حادثے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے امدادی سرگرمیوں میں فوری تیزی لانے کی ہدایت کی ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ زخمیوں کو فوری اور معیاری طبی سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ ان کی جلد صحت یابی ممکن بنائی جا سکے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ زخمیوں کے علاج معالجے کے تمام مراحل کی خود نگرانی کر رہے ہیں اور ہر پہلو پر قریبی نظر رکھی جا رہی ہے وزیر اعلیٰ نے نوشکی واقعے کی مکمل اور شفاف تحقیقات کا حکم جاری کرتے ہوئے واضح کیا کہ کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے متعلقہ اداروں کو آئندہ ایسے افسوسناک سانحات کی روک تھام کے لیے فوری اور جامع حفاظتی اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی وزیر اعلیٰ نے محکمہ صحت کے حکام کو ہدایت کی کہ زخمیوں کے علاج معالجے کے ساتھ ساتھ ان کے تیمارداروں اور لواحقین کو بھی ہر ممکن معاونت اور رہنمائی فراہم کی جائے انہوں نے ہدایت کی کہ تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا کر زخمیوں کی جلد صحت یابی اور متاثرہ خاندانوں کی مدد یقینی بنائی جائے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور ہر سطح پر ان کی معاونت و مدد کی جائے گی۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
MEEZAN QUETTA
30 APR 2025
Daily:
Bullet No. 6
31

## کوئٹہ سے اندرون ملک ٹرینیں بحال نہ ہوسکیں

اس میں کوئی شک نہیں کہ بلوچستان کیساتھ وفاق میں آنیوالی حکومتوں کی جانب سے زیادتیاں ہوتی آرہی ہیں، اس کے مسائل کو سنجیدہ نہیں لیا جاتا جس کے باعث یہ مسائل حل نہیں ہورہے اور اس طرح اس کی عوام احساس محرومی کا شکار رہتی ہے۔

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے پہلے اندرون ملک کافی ٹرینیں چلتی تھیں جن میں اباسین ایکسپریس، چلتن ایکسپریس، مہران ایکسپریس، روہڑی پسنجر، نواب اکبر خان ایکسپریس اور بلوچستان ایکسپریس شامل ہیں۔ ان ٹرینوں میں سب منافع بخش ٹرینیں تھیں جن کی سیٹیں کئی دن پہلے بک کروانی پڑتی تھیں لیکن ایک سازش کے تحت ان ٹرینوں کو مرحلہ وار بند کیا جاتا رہا ہے سازش کے تحت نجی ٹرانسپورٹرز کیساتھ مبینہ طور پر ملی بھگت کرکے بند کیا گیا، کچھ کو کرونا وائرس کے باعث بند کیا گیا، اس طرح اب ملک کے رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑے صوبے بلوچستان میں اندرون ملک روزانہ کی بنیاد پر صرف ایک ٹرین جعفر ایکسپریس چل رہی ہے جبکہ کوئٹہ سے کراچی جانیوالی ٹرین بولان ایکسپریس ایک دن چھوڑ کے چلائی جارہی ہے جو کہ یقیناً ملک جانیوالی بند ٹرینوں کو وقتاً فوقتاً دوبارہ چلانے کے وعدے اور دعوے ہوتے رہے لیکن ان پر عمل درآمد نہ کیا جاسکا تعجب کی بات یہ ہے کہ کرونا وائرس کے باعث ملک میں ٹرینوں کی ایک بڑی تعداد کو بند کیا گیا تھا مگر وہ تقریباً سب بحال ہو گئی ہیں لیکن بدقسمتی سے بلوچستان کی ٹرینیں بحال نہیں کی جارہیں۔ ان ٹرینوں کے بند ہونے سے سٹیشنوں پر قائم سٹالوں اور قولیوں کی ایک بڑی تعداد متاثر ہورہی ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ موجودہ وفاقی حکومت کو کوئٹہ سے اندرون ملک چلنے والی ٹرینوں کو فوری طور پر بحال کرنا چاہئے کیونکہ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف بلوچستان کے مسائل حل کرنے کیلئے بیانات دیتے رہتے ہیں اس طرح صدر مملکت آصف علی زرداری نے بھی بلوچستان سے محبت کا اظہار کئی مرتبہ کیا تھا۔ گزشتہ روز وفاقی وزیر ریلوے خرم دستگیر نے کوئٹہ کے دورے کے دوران اکبر خان ایکسپریس کو بحال اور بولان میل کو روزانہ کی بنیاد پر چلانے کی بات کی تھی لیکن اس پر اب تک عمل درآمد نہیں ہوا۔ وزیراعظم اور صدر مملکت کو اس معاملے میں مداخلت کرتے ہوئے بلوچستان کے اس اہم ترین مسئلے کو حل کرنے کیلئے متعلقہ حکام کو فوری طور پر ہدایات دینی چاہئیں تاکہ یہاں کے لوگوں کو آسان اور سستا سفر میسر ہو جو اس وقت نجی ٹرانسپورٹرز کے رحم وکرم پر ہیں ان کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں ان میں سے کچھ علاقوں میں چلائی جانیوالی ٹرانسپورٹ میں انسانوں کیساتھ بھیڑ بکریوں اور سمگلنگ کا سامان بھی لاد دیا جاتا ہے اور اس طرح اس کٹھن اور مشکل میں مسافر سفر کرنے پر مجبور ہیں کیونکہ ان کیلئے کوئی متبادل نہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 30 APR 2025 Page No. 32

# Expecting public friendly budget

The preparation and consultation of Balochistan government for annual budget 2025-26 has started. It is expected the government will announce budget in June. The legislators are claiming that consultations are underway to include more public welfare schemes in the forthcoming budget to provide facilities to the masses and developing rural areas, particularly to those which were ignored in the past. Reportedly, the provincial government is focusing on construction of more roads and providing sports facilities to the people in the forthcoming budget besides other sectors. For many years, the Balochistan government presented a deficit budget and this time again according to media reports the provincial government will come up with a deficit budget. The provincial government has urged the public for the first time in the history to identify the areas of investment in terms of priority which could improve the overall socio-economic situation in the province. It is encouraging that the finance department would incorporate public recommendations in the upcoming budget. It is necessary that the government must give great importance to the views and suggestions of the masses in framing its policies and prioritizing strategies according to service areas provided by the authority and need of the citizens. Having a lack of maximum funds, it is essential that the government and its authorities must utilize public resources with utmost sincerity and carefulness. The government must utilize funds keeping in view the best interest of the masses rather than wasting resources on projects that are less beneficial to the masses. For instance, in many rural areas there is dire need of drinking water schemes, schools and healthcare centers while constructing sports complexes and unnecessary roads in such areas will be an unwise decision. It is also essential that the government must properly utilize funds and resources particularly in those areas which are most backward and the government must avoid neglecting or ignoring the constituencies of opposition members of Balochistan Assembly. The government must also focus on education, health and agriculture sectors while preparing the budget. Allocation of maximum resources are needed to improve education and health sectors, while paying extra ordinary focus on agriculture and livestock sectors is also inevitable because they are the mainstay of the economy of the province. Hopefully, the provincial government will come up with a balanced budget and will not ignore the government employees. The Balochistan government did not issue the notification of 10% remaining disparity allowance for government employees. Therefore, the employees are expecting good news from the government in the upcoming budget.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 30 APR 2025

Page No. 37

# بجٹ تیاری، وزیراعلیٰ نے اراکین اسمبلی کو مطمئن کرنے کیلئے کمیٹی تشکیل دیدی





کوئٹہ سے رضاالرحمان کا تجزیہ

بلوچستان میں گزشتہ کچھ ادوار سے پارلیمانی سیاست ہر سال تشکیل پانے والی پی ایس ڈی پی کے گرد گھوم رہی ہے۔ حکومتی یا اپوزیشن بنچوں پر بیٹھے ارکان اسمبلی کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ وہ پی ایس ڈی پی میں اپنی زیادہ سے زیادہ اسکیمات شامل کرائیں جس کے لئے مخلوط حکومت کے وزیراعلیٰ پر کافی دباؤ ہوتا ہے۔ ایسی ہی پوزیشن گزشتہ صوبائی بجٹ کی تیاری کے دوران بھی دیکھنے کو ملی اور کافی حکومتی ارکان کو بھی وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے اس حوالے سے گلے شکوے رہے جو پورے سال چلتے رہے، تاہم اس سال نئے بجٹ کی تیاری کے ساتھ ہی وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے موجودہ حالات کے تناظر اور سابقہ تجربے کی بنیاد پر بجٹ کی تیاری اور پی ایس ڈی پی کی تشکیل کے لئے حکمت عملی مرتب کی ہے تاکہ ارکان اسمبلی خواہ ان کا تعلق حکومتی بنچ سے ہو یا اپوزیشن سے ان کے حوالے سے کم سے کم گلے وشکوے ہوں اس کے علاوہ انہوں نے مخلوط صوبائی حکومت میں شامل اتحادی جماعتوں کے پارلیمانی ارکان پر اپنی سربراہی میں مشتمل ایک کمیٹی بھی تشکیل دی ہے جو کہ وفاقی بجٹ میں بلوچستان کی ترقیاتی اسکیمات کو شامل کرنے کے لئے وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف سے ملاقات کرے گی اور صوبے کو درپیش مسائل کے حوالے سے ان سے نتیجہ خیز بات کرے گی۔ بلوچستان کے بجٹ 2025-26 کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں جو کہ جون کے آخری عشرے میں پیش کیا جائے گا۔ یہ بجٹ بھی مسلم لیگ (ن) سے تعلق رکھنے والے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی پیش کریں گے جن کا یہ کہنا ہے کہ آنے والا صوبائی بجٹ عوام دوست ہو گا۔ اجتماعی نوعیت کی اسکیمات کو شامل کیا جائے گا۔ موجودہ صوبائی حکومت کی یہ کوشش ہے کہ عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہوں اس لئے روز اول سے مفاد عامہ کی فلاح و بہبود کے کاموں کو ترجیح دے رہی ہے، ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ ہماری حکومت غیر ضروری اخراجات کو کم کرنے کے لئے موثر حکمت عملی اپنائے ہوئے ہے جس کے اچھے اور مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں جس کی عکاسی عوام کو آئندہ مالی سال کے بجٹ میں دکھائی دے گی۔





ادھر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بھی صوبائی بجٹ کے حوالے سے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ آئندہ سال کا مالی بجٹ ماضی کی روایات سے مختلف ہوگا اور اسے مکمل طور پر عوامی ضروریات اور صوبے کی ترقیاتی ترجیحات کے مطابق ترتیب دیا جائے گا۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ بجٹ اور پی ایس ڈی پی کی شفافیت میرٹ اور اچھی حکمرانی کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ محدود وسائل کے باوجود زیادہ سے زیادہ عوامی فلاح کے منصوبے مکمل کئے جا سکیں، انہوں نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا ہے کہ ترقیاتی بجٹ میں بدعنوانی اور اقرباء پروری کی کوئی گنجائش نہیں ہوگی اور صرف منظور شدہ اور عوامی مفاد کے منصوبے ہی بجٹ کا حصہ ہوں گے۔ اسی طرح تعلیم وصحت اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور عام شہری کی زندگی میں بہتری لانے والے منصوبے حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہوں گے۔ وزیراعلیٰ کا بجٹ کے حوالے سے مزید کہنا ہے کہ تمام اتحادی جماعتوں کے درمیان مکمل اتفاق رائے اور ہم آہنگی موجود ہے جو کہ بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے ایک خوش آئند علامت ہے، ہماری کوشش ہے کہ آئندہ مالی سال کا بجٹ محض اعداد وشمار کا مجموعہ نہ ہو بلکہ ایک ایسا جامع روڈ میپ ہو جو بلوچستان میں ہر کسی کی زندگی میں حقیقی بہتری لانے کا ذریعہ بنے، جب تک صوبے کے عوام کو صحت و تعلیم، روزگار اور دیگر بنیادی سہولیات زندگی میسر نہیں آتے صوبے میں پسماندگی کے خاتمے اور ترقی وخوشحالی کا خواب ادھورا ہے۔ سیاسی مبصرین کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اور ان کی ٹیم کی بجٹ کے حوالے سے کاوشیں بلاشبہ قابل ستائش ہیں اور ان کا یہ موقف کہ بجٹ صرف اعداد وشمار کا مجموعہ نہیں ہونا چاہئے بلکہ بجٹ کے اثرات سے عوام براہ راست مستفید ہوں اور انہیں یہ محسوس ہو کہ حکومت ان کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہے اور ان کے حل کے لئے وہ بہت کچھ کرنا چاہتی ہے۔ ہر بار بجٹ کو عوام دوست قرار دینے کی حکومت کی جانب سے لفاظی کا خاتمہ اور عملی اقدامات ہی عوام کے اعتماد کو بحال کرنے کا باعث بن سکتے ہیں۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ بگٹی حکومت بارش کے پہلے قطرے کے طور پر اپنے موقف کو عملی جامہ پہنائے اور عملی اقدامات اٹھائے ایسا نہ ہو کہ ماضی کے ادوار کی طرح پی ایس ڈی پی کی سیاست کا شکار موجودہ صوبائی حکومت بھی ہو جائے؟ سیاسی مبصرین کے مطابق سرفراز بگٹی کی حکومت نے ایک اور اچھا اقدام یہ بھی اٹھایا ہے کہ بلوچستان میں ماضی میں خدمات سرانجام دینے والے اچھی شہرت کے حامل آفیسران جو کہ وفاق سمیت مختلف صوبوں میں اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں کی خدمات بلوچستان کے لئے وفاق سے ایک خط کے ذریعے مانگی ہیں جن میں ماضی میں صوبے کے مختلف اضلاع میں کمشنر ڈپٹی کمشنر کے عہدوں پر فائز رہنے والے بھی شامل ہیں۔ وفاقی حکومت نے اس صوبائی حکومت کے چیف ایگزیکٹو وزیراعلیٰ کے اس خط پر نیم رضامندی ظاہر کرتے ہوئے مثبت جواب دیا ہے۔ امید ہے کہ آئندہ چند دنوں میں یہ آفیسران بلوچستان میں دوبارہ اپنی خدمات سرانجام دیتے نظر آئیں گے جس سے صوبے میں جہاں امن وامان میں بہتری آئے گی، وہاں صوبے میں ترقی وخوشحالی کے لئے بھی اقدامات کے ساتھ ساتھ حکومت کے وعدے بھی پورے ہوں گے اور اقتدار کو دوام ملے گا۔ ●

CLIPPING SERVICE
TORATE
OF PUBLIC
BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: QUDRAT QUETTA
Dated: 30 APR 2025 Page No. 34

# ''بلوچستان میں سوشل میڈیا پر ریاست مخالف پراپیگنڈا! بھارت ملوث''

افکارِ زاہدی
نسیم الحق زاہدی



وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کی سائبر کرائم ونگ نے گذشتہ سال دسمبر 2024ء میں بلوچستان میں سوشل میڈیا پر ریاست مخالف پراپیگنڈا کے حوالے سے ایک رپورٹ شائع کی تھی۔ اس رپورٹ میں بتایا گیا تھا کہ تین ماہ کے دوران 324 سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی نشاندہی کی گئی جو مبینہ طور پر ریاست مخالف مواد پھیلا رہے تھے۔ ان میں 487 فیس بک، 190 ٹک ٹاک، 147 ٹوئٹر (ایکس)، 83 انسٹاگرام اور 12 دیگر پلیٹ فارمز کے اکاؤنٹس شامل تھے۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے ان میں 312 اکاؤنٹس کو بلاک کر دیا تھا جبکہ باقی پر کارروائی جاری ہے۔ جبکہ یہ چار ماہ قبل کی رپورٹ ہے، اس وقت ان کے علاوہ بلوچستان میں بی ایل اے، بی ایل ایف، بی آر پی جیسی دیگر کالعدم دہشت گرد تنظیموں کو سپورٹ کرنے والے سوشل میڈیا پلیٹ فارم (ایکس) پر کئی اکاؤنٹس موجود ہیں جن کو بھارت سے آپریٹ کیا جا رہا ہے۔ 11 اگست 2021ء میں ایک پریس کانفرنس میں قومی سلامتی کے مشیر معید یوسف نے بتایا تھا کہ کس طرح بھارتی اور افغان سوشل میڈیا اکاؤنٹس پاکستان کو بدنام کرنے میں مصروف ہیں۔ یہ اکاؤنٹس ایک مخصوص سکیم کے تحت پاکستان اور خاص طور افواج پاکستان کے خلاف زہر افشانی کر رہے ہیں۔ بلوچستان میں خصوصاً سی پیک، سینڈک اور ریکوڈک مائننگ جیسے بڑے منصوبوں کے خلاف سازشیں کی جا رہی ہیں۔ 14

کرونیکلز نامی رپورٹ میں یہ واضح کیا گیا تھا کہ کیسے 845 ویب سائٹس جو صرف پاکستان کے خلاف جھوٹی خبریں پھیلاتی ہیں اور ان کا براہ راست تعلق انڈیا کی سرکاری خبر رساں ایجنسی اے این آئی سے تھا۔ دسمبر 2020ء میں کالعدم تنظیم بی ایس او کی کریمہ بلوچ کی ہلاکت پر (جس کی ذمہ دار بھارتی خفیہ ایجنسی را ہے، کریمہ بلوچ بھارت کی ایجنٹ تھی، راز اگل دینے کے ڈر سے بھارت نے اسے کینیڈا میں اپنی خفیہ ایجنسی را کے ہاتھوں قتل کروا دیا تھا) پر بھارت کی جانب سے 20 ہزار ٹویٹس کی گئیں اور یہ ٹرینڈ چلایا گیا تھا کہ ریاست نے کریمہ بلوچ کو ہلاک کیا ہے۔ اس وقت بھارت بلوچستان میں بی ایل اے، بی ایل ایف، بی آر پی سمیت دیگر شدت پسند عسکریت پسند تنظیموں کو ہر طرح کا تعاون فراہم کر رہا ہے جس میں مالی مدد، ہتھیار اور ٹریننگ شامل ہے۔ کلبھوشن یادیو کی گرفتاری اور اس کا اقرار جرم اس کا زندہ ثبوت ہے۔ اس کے علاوہ دہشت گردوں کی جانب سے ریاستی اداروں پر

کرنے کے لیے سرتوڑ کوششیں کی گئیں اور کی جا رہی ہیں۔ 2014ء میں سی پیک معاہدہ کے بعد بھارتی ریشہ دوانیوں میں شدت آگئی ہے۔ کیونکہ بھارت جو کہ پہلے ہی ایٹمی طاقت بننے کے بعد دفاعی حوالے سے پاکستان کو چیلنج نہیں کر سکتا تھا، اس کو معلوم ہو گیا کہ سی پیک کی تکمیل کے بعد پاکستان نہ صرف داخلی طور پر مستحکم ہو گا، بلکہ اس کی اہمیت وحیثیت بڑھے گی اور ترقی کی دوڑ میں وہ بھارت کو پیچھے چھوڑ دے گا، اسی وجہ سے سی پیک منصوبہ بھارت سمیت دیگر دشمن ممالک کی آنکھوں میں کھٹکتا ہے۔ بھارت ایک طرف بلوچستان میں دہشت گرد حملے کروا رہا ہے تو دوسری طرف میڈیا اور سوشل میڈیا پر ریاست مخالف پراپیگنڈا کیا جا رہا ہے۔ جس کی حالیہ مثال جعفر ایکسپریس حملے پر بھارتی اور ملک دشمن میڈیا نے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر مسلسل گمراہ کن جھوٹا پراپیگنڈا کیا، پرانی ویڈیوز اور اے آئی سے تیار کردہ ویڈیوز، پرانی تصاویر، فیک واٹس ایپ پیغامات اور پوسٹرز کے ذریعے ہیجان پیدا کرنے کی کوشش کی گئی۔ دہشت گردوں سے جڑے سوشل میڈیا اکاؤنٹس نے بھی پاکستان مخالف زہر اگلنے میں بھارتی میڈیا کا بھرپور ساتھ دیا۔ بھارتی میڈیا پاکستان سے باہر بیٹھے خود ساختہ بلوچ رہنماؤں تجزیے دکھا کر لوگوں کو گمراہ کرنے میں مصروف رہا۔ اس سے قبل

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 30 APR 2025 Page No 35

# بلوچستان پر خاموشی آخر کب تک؟

نصرت جاوید

جعفر ایکسپریس پر ہوئے حملے کے بعد سے بلوچستان کے بارے میں لکھنے سے پہلے سوبار سوچنا پڑتا ہے۔ وجہ اس کی ریاست یا انتہا پسندوں کا خوف نہیں۔ ذہن کو مفلوج بنانے کا سبب دونوں فریقین کا تعصب ہے۔ ریاست کے طاقتور ادارے بلوچستان کے ہر مسئلہ کی وجہ فقط بیرونی مداخلت اور سازش کو ٹھہراتے ہیں۔ مقصد جس کا قدرتی وسائل سے مالا مال اس صوبے کی چین جیسے دوستوں کی مدد سے ترقی اور خوشحالی کو روکنا ہے۔ نسلی منافرت سے مغلوب ہوئے انتہا پسند بلوچستان کے تمام مسائل کا ذمہ دار ''پنجاب'' کو قرار دیتے ہیں۔ پنجاب کی طاقتور ترین اشرافیہ کا کچھ بگاڑ نہیں سکتے۔ روزانہ اجرت پر اس صوبے میں مشقت کے ذریعے رزق کمانے والے پنجابیوں کو بسوں یا ٹرینوں سے اتار کر شناختی کارڈ کی مدد سے پہچانتے ہیں۔ ان کے لئے شناختی کارڈ موت کے پروانے کی صورت کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ کامل نسلی منافرت پر ہوئے قتل کی مذمت سے مگر ''اپنے حقوق کی جنگ'' لڑنے والے اجتناب برتتے ہیں۔ مجھ جیسے پنجابی جو برسوں سے بلوچستان کے احساس محرومی کو اجاگر کرتے ہوئے اپنے حکمرانوں کو ناراض کرتے رہے جب نسلی منافرت پر مبنی اقدامات کی تنقید کرتے ہیں تو ''تم بھی بالآخر پنجابی نکلے'' جیسے طعنے سننے کو ملتے ہیں۔ اس کے باوجود بلوچستان کے ''ناراض نوجوان'' کے غصے کو جانچنے کی کوشش کریں تو میر سرفراز بگٹی پنجابیوں کو ''قاتل پرست'' پکارنا شروع ہو جاتے ہیں۔ سوال اس سب کے باوجود مگر یہ اٹھتا ہے کہ آخر کب تک بلوچستان کے حوالے سے خاموش رہا جائے۔

خاموش رہنا صحافیوں نے مگر اپنا شعار بنا لیا ہے۔ چند ہی روز قبل پنجابیوں کے بلاوجہ قتل کی روایت ایرانی بلوچستان بھی پہنچ گئی ہے۔ بہاولپور کے ایک گھرانے کے افراد پاک ایران سرحد کے قریبی قصبے میں گاڑیوں کی مرمت کیا کرتے تھے۔ ان سب کو ایک ہی رات قتل کر دیا گیا۔ ان کے قتل کی تفصیلات جمع کرنے کے لئے ہمارے صحافتی اداروں میں سے کسی ایک نے بھی جائے وقوعہ پر جانے کی ضرورت محسوس نہ کی۔ ایرانی اخبارات کی ویب سائٹس پر اکثر نگاہ ڈالتا ہوں۔ وہاں بھی چند اخبارات نے سرسری طور پر اس واقعہ کا ذکر کیا۔ مقتولین کی لاشیں بہاولپور واپس آئیں تو ان کے لواحقین سے رابطے کے ذریعے بنیادی معلومات جمع کرنے کی بھی کوشش نہ ہوئی۔ مذکورہ واقعہ کے بارے میں دو سے تین روز تک وزیر اعظم شہباز شریف نے مسلسل بیانات دیئے۔ حکومت ایران سے ان بیانات کے ذریعے مطالبہ کیا کہ وہ ''افغانستان سے'' ایران میں در آئے ''بلوچ'' انتہا پسندوں کا سراغ لگائے۔ غالباً ان کو میسر اطلاعات کے مطابق پنجابی مزدوروں کا ایران میں قتل کرنے والے دہشت گرد افغانستان میں پناہ گزین ہیں۔ وہاں سے ایران آئے تھے۔

ان کی معلومات درست ہیں تو واردات کے بعد مبینہ قاتل افغانستان لوٹ چکے ہوں گے۔ ان کے بارے میں بھی معلومات کا فقدان ہے۔ وگرنہ مذکورہ واقعہ میں مبینہ طور پر ملوث افراد کے ممکنہ نام وغیرہ بیان کرتے ہوئے ایران سے یہ مطالبہ کرنے کو سفارتی دباؤ بڑھایا جا سکتا تھا کہ وہ افغان حکومت سے ان کی گرفتاری اور انہیں ایران کے حوالے کرنے کا مطالبہ کرے۔ پاکستان کے پاس ایران میں ہوئے قتل کے بارے میں ٹھوس معلومات موجود ہوتیں تو پاکستان اور ایران مل کر بھی افغان حکومت سے مبینہ قاتلوں کی گرفتاری اور حوالگی کے لئے مشترکہ دباؤ بڑھا سکتے تھے۔

جو واقعہ ہوا اس کی تفصیلات سے ناآشنائی کے باوجود آپ کو یاد دلانے کو مجبور ہوں کہ پاکستان سے کہیں زیادہ ایران ہمارے بلوچستان میں جمہوری جدوجہد کے بارے میں خائف رہا ہے۔ دورِ حاضر کا ایران ''اسلامی انقلاب'' کے بعد بھی خود کو ایرانی سلطنت کا وارث سمجھتا رہا ہے جس کا اثر وسطی ایشیاء سے عراق، شام اور یروشلم تک قائم رہا۔ وہ ''قومی شناخت'' کی بنیاد پر کسی گروہ کو سیاست کی اجازت نہیں دیتا۔ وہاں بسے کرد اور آذری فقط ''ایرانی'' شمار ہوتے ہیں۔ کردوں نے قومی شناخت کی بنیاد پر جدوجہد کرتے ہوئے عراق میں ٹھوس حد تک خودمختاری حاصل کر لی ہے۔ شام میں بھی نسبتاً کم تر تعداد میں ہونے کے باوجود وہ عراقی کردوں کی حمایت سے اسد حکومت کے خلاف لڑتے ہوئے ''آزاد علاقے'' قائم کرنے میں کامیاب ہوئے۔ ایران میں لیکن ان کی قومی شناخت پر مبنی سیاست دم توڑ چکی ہے۔

قومی شناخت پر ہوئی سیاست کے بارے میں تحفظات کی وجہ سے ایران اپنے ہاں مقیم بلوچ اقوام پر بھی کڑی نگاہ رکھتا ہے۔ اسے خوب احساس ہے کہ ایران میں بسے بلوچوں کو مسلکی اختلافات کی بنیاد پر بھی بھڑکایا جا سکتا ہے۔ اسی باعث وہ پاکستان میں ایرانی سرحد کے قریب متحرک مسلکی انتہا پسندوں پر کڑی نگاہ رکھتا ہے۔ ان میں سے چند ایک کے ایران میں تخریب کاروں سے روابط بھی رہے ہیں۔ ان کے مبینہ ٹھکانوں پر ایران نے گزشتہ برس میزائل برسائے تھے جس کے جواب میں پاکستان کو بھی ان ٹھکانوں کو فضا سے نشانہ بنانا پڑا جو مبینہ طور پر بلوچ انتہا پسندوں کی پناہ گاہیں تھے اور پاکستان میں دہشت گردی کے چند واقعات میں ملوث۔

1970 کی دہائی میں شہنشاہ ایران کو امریکہ نے ہمارے خطے کا تھانے دار تسلیم کر رکھا تھا۔ افغانستان اور پاکستان کو وہ اپنے ''تھلے'' لگانا چاہتا تھا۔ ہمارے ہاں اس دہائی کا آغاز ہوتے ہی بالغ رائے دہی کی بنیاد پر پہلی بار عام انتخاب ہوئے تو بلوچستان میں نیشنل عوامی پارٹی وہاں کی سب سے مقبول جماعت بن کر ابھری۔ اس کے قائد غوث بخش بزنجو نے طویل جدوجہد کی بدولت بلوچستان کو پرامن سیاست کے ذریعے پاکستان میں رہتے ہوئے آئین اور جمہوری انداز کی تلقین کی۔ ذوالفقار علی بھٹو انہیں بلوچستان کا گورنر نامزد کرنا چاہ رہے تھے۔ شہنشاہ ایران مگر ان کی نامزدگی سے ناخوش تھا۔ اسے رام کرنے کے لئے غوث بخش بزنجو مرحوم دس دنوں کے لئے ایران گئے اور وہاں کے حکام کو اپنا موقف سمجھاتے رہے۔ مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد دنیا کے کئی ممالک بقیہ پاکستان کی بقاء کے بارے میں متفکر تھے۔ اس تناظر میں امریکی ہفت روزہ ''ٹائم'' کے رپورٹر نے شہنشاہ ایران سے بلوچستان کے حوالے سے سوال پوچھا تو اس نے نہایت رعونت سے جواب دیا کہ اگر ریاست پاکستان بلوچستان کی ممکنہ شورش سنبھالنے میں ناکام رہی تو ایران اپنی فوج کے ذریعے ''بلوچوں کو سیدھا کر دے گا''۔ بلوچستان حکومت دیگر وجوہات کے علاوہ ایران کی خفگی کی بدولت بھی قائم نہ رہ سکی۔ اسے معزول کرنے کے بعد بلوچستان میں طویل فوجی آپریشن کرنا پڑا۔ اس آپریشن میں استعمال کے لئے شہنشاہ ایران نے پاکستان کو جدید ترین ہیلی کاپٹر بھی فراہم کئے تھے۔ بلوچستان کے جمہوری حقوق کے لئے پرامن جدوجہد کرنے والے نہایت فکرمندی سے یہ سوچنے کو مجبور ہو رہے ہیں کہ نسلی منافرت کی بنیاد پر ایران میں گھس کر پنجابیوں کا قتل ایران کو 1970 کے تعصبات میں واپس لے جا سکتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 30 APR 2025 Page No. 36

# بلوچستان کی معدنی دولت: وعدہ اور خطرہ

قیصر نواب
qaisernawab098@gmail.com

صحیح اوزار، شراکت داریوں اور کمیونٹی کی شمولیت کے ذریعے بلوچستان کی معدنی دولت تنازعہ کا باعث بننے کی بجائے خوشحالی کی علامت بن سکتی ہے۔

وسیع پیمانے پر تانبے، سونے، کرومائٹ اور نایاب معدنیات کے ذخائر سے مالا مال، بلوچستان پاکستان کی کان کنی کی ایک تہائی صلاحیت کا حامل ہے۔ اس کے باوجود بہت سی کمیونٹیز غربت کا شکار ہیں اور ان کی زندگیوں پر سالانہ 3 ارب ڈالر کے قومی کان کنی جی ڈی پی میں اس خطے کے حصہ کا کوئی اثر نہیں پڑا۔

چاغی اور خضدار جیسے وسائل سے بھرپور علاقوں میں غیر قانونی کان کنی کا زور ہے، جہاں 60٪ تانبا غیر قانونی ذرائع سے نکالا جاتا ہے (2024 کے اعداد و شمار)۔ یہ غیر رسمی معیشت مجرمانہ نیٹ ورکس کو فروغ دیتی ہے، مزدوروں (بشمول بچوں) کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالتی ہے، اور قبائلی تنازعات کو بڑھاتی ہے۔ 2023 کی لسبیلہ جھڑپیں، جن میں ہزاروں لوگ بے گھر ہوئے، ظاہر کرتی ہیں کہ غیر منظم وسائل کا استحصال کس طرح کمیونٹیز کو غیر مستحکم کرسکتا ہے۔ شفاف حکمرانی کے بغیر معدنی دولت تفرقہ ڈالنے کا باعث بن سکتی ہے، بجائے اتحاد پیدا کرنے کے۔

ترقی کی راہیں: جدت، شمولیت اور سرمایہ کاری

زعفران گیس فیلڈ منصوبہ تبدیلی کے لیے ایک نمونہ پیش کرتا ہے۔ اپنی سالانہ آمدنی کا 5٪ مقامی تعلیم، صحت اور بنیادی ڈھانچے میں دوبارہ سرمایہ کاری کر کے اس منصوبے نے دو سال میں تنازعات میں 70٪ کمی لائی اور کمیونٹی کے اعتماد کو فروغ دیا۔ اس طرح کے ماڈل ثابت کرتے ہیں کہ منصفانہ منافع کی تقسیم وسائل کو امن کے اوزار میں تبدیل کرسکتی ہے۔

ٹیکنالوجی ان کوششوں کو مزید بڑھاتی ہے۔ پائلٹ منصوبوں میں ڈرونز نکالنے کے مقامات کی نگرانی کرتے ہیں، جبکہ بلاک چین کے حل کان سے بازار تک معدنیات کا سراغ لگاتے ہیں، اسمگلنگ کو روکتے ہیں۔ لائسنس کو ڈیجیٹائز کرنا، ماحولیاتی جائزوں کے لیے مصنوعی ذہانت (AI) کا استعمال اور مقامی ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹس کا قیام اس شعبے کو جدید بنا سکتا ہے اور نوجوانوں کو بااختیار بنا سکتا ہے۔ خواتین کو کان کنی کے شعبوں میں شامل کرنا، چاہے جیولوجی ہو یا کمپلائنس، یقینی بناتا ہے کہ ترقی شمولیتی اور پائیدار ہو۔

اجتماعی مستقبل کی طرف

بلوچستان کی ترقی اتحاد کا تقاضا کرتی ہے۔ صوبائی حکام، کان کنی کی کمپنیاں، کمیونٹی لیڈرز اور عالمی شراکت داروں کو اقتصادی، ماحولیاتی اور سماجی ترجیحات کو متوازن کرنا ہوگا۔ پبلک-پرائیویٹ پارٹنرشپس اور کمیونٹی بینیفٹ معاہدے بلوچستان کو پاکستان کی ترقی کی مشعل راہ بنا سکتے ہیں، تاکہ فائدے ہر گھر تک پہنچیں۔

یہاں کان کنی صرف ایک صنعت نہیں، بلکہ منصفانہ حکمرانی کا ایک امتحان ہے۔

شفافیت اور شمولیت کو مرکز میں رکھ کر بلوچستان اپنی زیر زمین دولت کو تاریخی دراڑوں کو بھرنے کا ذریعہ بنا سکتا ہے۔ تنازعہ سے تعاون کی طرف تبدیلی ممکن ہی نہیں، بلکہ عمل پذیر ہو رہی ہے۔ ہم سب مل کر ایک کامیاب مستقبل کی داستان لکھ سکتے ہیں۔

مصنف کے بارے میں:

قیصر نواب ایک عالمی ترقیاتی ماہر، بی آر آئی ایس ڈی کے چیئرمین اور تھی سوسائٹی انٹرنیشنل کے بانی ہیں۔ وہ شمولیتی پالیسی حل، نوجوانوں کو بااختیار بنانے، اور پائیدار ترقی پر کام کرتے ہیں۔ ان سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

CamScanner